Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعرات ، 25 جون 2026ء ، 9 محرم الحرام 1448ھ ، قیمت 20 روپے | شمارہ 73

فیلڈ مارشل سے لیبیا کی مسلح افواج کے نائب کمانڈر انچیف کی ملاقات

دوطرفہ دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر زور، فوجی تربیت میں تعاون پر اتفاق، جی ایچ کیو آمد پر معزز مہمان کو تینوں مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا گیا

نائب کمانڈر انچیف لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے خطے میں امن وسلامتی کے قیام کیلئے ان کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا

لیبیا کی عرب مسلح افواج کے ڈپٹی کمانڈر انچیف لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ منتر نے جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) میں چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے لیبیا کی عرب مسلح افواج کے نائب کمانڈر انچیف لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ نے ملاقات کی جس میں فوجی تربیت میں تعاون پر اتفاق کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق جنرل ہیڈکوارٹر راولپنڈی میں فیلڈ مارشل عاصم منیر سے لیبیا کی مسلح افواج کے نائب کمانڈ کی ملاقات ہوئی۔ جی ایچ کیو آمد پر معزز مہمان (بقیہ نمبر 14)

مولانا فضل الرحمٰن سے دیرینہ تعلقات اور احترام کا رشتہ ہے، وزیراعظم

میں اجازت دیتا ہوں کہ ایوان میں بتا دیں، مولانا فضل الرحمٰن

پھر معاملات اتنے دور چلے جائیں گے کہ واپس نہیں آئیں گے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے واضح کیا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن سے ان کے دیرینہ تعلقات اور احترام کا رشتہ ہے ، ان کے اور مولانا کے درمیان تخلیہ میں جو باتیں ہوئی ہیں وہ ہمیشہ راز رہیں گی۔ بدھ کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں مولانا (بقیہ نمبر 15)

3 ہزار کانسٹیبل اور لیڈی کانسٹیبلز کی بھرتی کا فیصلہ

بھرتیاں ضلعی پولیس، ٹریفک پولیس، پنجاب ہائی وے پٹرول سمیت دیگر یونٹس کے لیے کی جائیں گی

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس نے مختلف شعبوں میں 3 ہزار کانسٹیبل اور لیڈی کانسٹیبلز بھرتی کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ پولیس حکام کے مطابق ہر سال ریٹائرمنٹ اور دیگر وجوہات کی بنا پر خالی ہونے والی آسامیوں کو پر کرنے (بقیہ نمبر 18)

سکولوں میں پری مون سون اقدامات کیلئے سخت ہدایات جاری

سکول سربراہان کو چھتوں، نکاسی آب کے نظام اور سکول عمارتوں کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) محکمہ تعلیم نے صوبہ بھر کے سرکاری سکولوں میں ممکنہ مون سون بارشوں کے پیش نظر پری مون سون اقدامات یقینی بنانے کے لیے سخت ہدایات جاری کردی ہیں۔ محکمہ تعلیم کے مطابق تمام سکول سربراہان اور (بقیہ نمبر 17)

وزیراعظم کی فضل الرحمٰن اور اپوزیشن رہنماؤں سے ملاقات

اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی، گوہر علی خان، مولانا فضل الرحمٰن، لطیف کھوسہ سے مصافحہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں وزیراعظم شہباز شریف اپوزیشن کی نشستوں پر گئے اور اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی، گوہر علی خان، مولانا فضل الرحمٰن، لطیف کھوسہ، حمید حسین سمیت پہلی صف میں بیٹھے (بقیہ نمبر 16)

وزیراعلیٰ پنجاب کی "پرواز کارڈ" سے تربیت مکمل کرکے بیرون ملک جانیوالے 135 نوجوانوں سے الوداعی ملاقات

پرواز کارڈ سے پنجاب کے 5 لاکھ نوجوانوں کی تقدیر بدلنے کا مشن

نوجوانوں کا شاندار اقدامات پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز زبردست خراجِ تحسین ، ایک ماں کی طرح دعائیں دیکر رخصت کر رہی ہوں، بچوں سے جذباتی گفتگو

ہنرمند نوجوان ہی پاکستان کا روشن مستقبل، بیرونِ ملک مواقع سے فائدہ اٹھائیں، ہنرمند نوجوان اپنے خاندانوں کی بہتر کفالت کر سکتے ہیں، ملک وقوم کا قیمتی سرمایہ بھی ہیں، کامیاب نوجوانوں سے ملاقات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سرٹیفائیڈ سکلڈ ورک فورس کی ایکسپورٹ شروع کردی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژنری پروگرام "پرواز کارڈ" سے پنجاب کے 5 لاکھ بچوں کی تقدیر بدل جائیگی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پرواز کارڈ پروگرام سے تربیت مکمل کرکے بیرونِ ملک جانے والے نوجوانوں سے الوداعی ملاقات کی۔ "پرواز کارڈ" کے کامیاب نوجوانوں نے شاندار اقدامات پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو کھڑے ہوکر زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔ "پرواز کارڈ" کے تحت بیرونِ ملک جانے والے پنجاب بھر کے 135 نوجوانوں نے تقریب میں شرکت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے الوداعی ملاقات میں بچوں سے جذباتی گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 24)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نوجوان کو پرواز کارڈ دے رہی ہیں

حکومت کا پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ پر کنٹرول مزید مضبوط، شیئر ہولڈنگ میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ نے سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد پاکستان سٹاک ایکسچینج کو آگاہ کردیا ہے کہ کمپنی کے شیئرز میں حکومت کی ملکیت (بقیہ نمبر 20)

خواتین سفارتکار عالمی امن اور تعاون میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں

خواتین کی کامیابیاں پوری قوم کیلئے باعثِ فخر ہیں، آصفہ بھٹو زرداری

کراچی (اے ایف بی) خاتونِ اول آصفہ بھٹو زرداری نے خواتین سفارت کاروں کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ خواتین سفارت کار عالمی امن اور تعاون میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں۔ اپنے پیغام میں آصفہ بھٹو زرداری کا کہنا تھا (بقیہ نمبر 19)

میڈیا ورکرز اور صحافیوں کیلئے وزیراعظم ہیلتھ انشورنس پروگرام بحال

وزارت اطلاعات میڈیا ورکرز اور صحافیوں کے مسائل کے حل کیلئے سنجیدگی سے اقدامات جاری رکھے گی

سیکرٹری اطلاعات اشفاق خلیل کی اپینک وفد کو یقین دہانی، صدر ایم ڈبلیو او کلیم شمیم کا خیر مقدم

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی سیکرٹری اطلاعات ونشریات اشفاق احمد خلیل سے آل پاکستان نیوز پیپرز اینڈ الیکٹرانک میڈیا ایمپلائز کنفیڈریشن (اپینک) کے وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر چیئرمین محمد صدیق انظر نے ملک بھر کے میڈیا ورکرز اور صحافیوں کو درپیش مسائل، انکی فلاح و بہبود اور پیشہ ورانہ امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری اطلاعات اشفاق احمد خلیل نے میڈیا ورکرز (بقیہ نمبر 2)

لاہور: سپیکر ملک محمد احمد خان پنجاب اسمبلی کے بجٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایک ساتھ نہ رہنے کے باوجود بھی خاتون حق مہر کی حقدار ہے

اگر نکاح نامے میں مہر کی ادائیگی کا وقت نہ لکھا ہو تو پورا مہر فوری طور پر دینا ہوگا' عدالتی فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے خلع کی صورت میں حق مہر کی واپسی سے متعلق اہم تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے قانونی نکتہ واضح کردیا کہ رخصت نہ ہونے (بقیہ نمبر 29)

وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر مملکت برائے موسمیاتی تبدیلی محترمہ شازرہ منصب نے ملاقات کی

22 سالہ لڑکی کی غیرت کے نام پر قتل، بھائی، باپ اور گھر کے دیگر افراد فرار

ملتان (این این آئی) ملتان کی تحصیل شجاع آباد میں 22 سال کی لڑکی کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ واقعے کے بعد لڑکی کے بھائی، باپ اور گھر کے دیگر افراد فرار ہوگئے۔ سی پی او کے مطابق مبینہ طور پر غیرت کے نام پر قتل سمیت مختلف پہلوؤں سے تفتیش کی جارہی ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے (بقیہ نمبر 21)

وزیر خزانہ محترمہ شجاع الرحمٰن آئندہ مالی سال کیلئے پیش کئے گئے بجٹ پر عام بحث سمیٹ رہے ہیں

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ کی خصوصی ہدایت پر

محرم الحرام کے سلسلے میں ایک سیمینار کا انعقاد

جس میں پارٹی کے عہدے داران اور خواتین ونگ اور دیگر خواتین ورکرز نے شرکت کی، اس تقریب کا عنوان "پیغام کربلا اور ہماری ذمہ داریاں تھا"

اس موقع پر پاکستان کی سلامتی مسلح افواج کیلئے خصوصی دعاؤں کے علاوہ پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی گئی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ کی خصوصی ہدایت پر محرم الحرام کے سلسلے میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا یہ سیمینار پارٹی کی شعبہ خواتین ونگ نے (بقیہ نمبر 3)

پاکستان عوامی قوت پارٹی شعبہ خواتین کے زیر اہتمام پیغام کربلا اور ہماری ذمہ داریوں کے عنوان سے منعقدہ سیمینار سے سیکرٹری جنرل ملک اعجاز حسین خطاب کررہے ہیں

سرگودھا، 8 محرم الحرام عقیدت واحترام سے منایا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں آٹھ محرم الحرام عقیدت واحترام سے منایا گیا اس موقع پر شہر کے مرکزی جلوس ذوالجناح سمیت ضلع سے 79 اعزاداری جلوس برآمد ہوکر پرامن طور پر اختتام پزیر ہوئے جبکہ امام بارگاہوں سمیت 245 مقامات پر مجالس اعزا برپا رہیں جن کے فول پروف سیکورٹی انتظامات کرکے پرافسران اور اہلکاروں کو الرٹ رکھا (بقیہ نمبر 25)

ایف پی ایس سی میں تقرری پر حکومت نے 3 ماہ پرانا فیصلہ واپس لے لیا

اعزاز اسلم ڈار کی بطور ممبر تعیناتی واپس، سیکرٹریٹ گروپ گریڈ 22 کی عائشہ حمیر التعینات

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل پبلک سروس کمیشن میں ممبر کی تقرری کے معاملے پر وفاقی حکومت کا بڑا یوٹرن، تین ماہ پہلے گریڈ 22 کیریئر ڈافسر اعزاز اسلم ڈار کی بطور ممبر ایف پی ایس سی کی گئی تعیناتی منسوخ کردی۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی جانب سے (بقیہ نمبر 30)

عاشورہ کے جلوسوں اور مجالس کا پرامن انعقاد، حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے، عظمیٰ بخاری

تمام انتظامات مکمل، مجالس وجلوسوں کے منتظمین کا حکومتی اقدامات اور سہولیات پر اطمینان، وزیراعلیٰ مریم نواز کا شکریہ ادا کیا

پنجاب پولیس، ضلعی انتظامیہ اور منتظمین کے درمیان مؤثر رابطہ امن وہم آہنگی کی ضمانت ہے، وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے فیصل آباد میں مجالس اور جلوسوں کے منتظمین سے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبائی وزیر بلال اکبر، معاون خصوصی ذیشان ملک، کمشنر فیصل آباد، آر پی او سہیل سکھیرا اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ مجالس اور جلوسوں کے منتظمین میں جعفر نقوی، سید افتخار نقوی، حسنین شیرازی، محمد قاسم، تصدق حسین، عباس حیدر، ممتاز حسین، (بقیہ نمبر 1)

یوم عاشور پر ریسکیو 1122 راولپنڈی ہائی الرٹ، کوڈ ریڈ نافذ

تمام چھٹیاں منسوخ، ایمبولینسز، فائر وہیکلز اور موٹر بائیک سروسز تعینات

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) یوم عاشور (10 محرم الحرام) کے موقع پر شہریوں کو بروقت اور مؤثر امدادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ریسکیو 1122 راولپنڈی نے خصوصی ایمرجنسی پلان نافذ کردیا، جبکہ ضلع بھر میں کوڈ ریڈ نافذ کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 8)

ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی زیر نگرانی ملاوٹ مافیا کیخلاف گرینڈ آپریشن

2 کروڑ روپے مالیت کی غیر معیاری اشیاء تلف، 11 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانے، متعدد پروڈکشن یونٹس بند

10 ہزار 950 لیٹر جعلی کولڈ ڈرنکس، 1 ہزار 300 لیٹر ملاوٹی دودھ، 30 ہزار ساشے گٹکا تلف

راولپنڈی (این ای این) ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہدایت پر صوبہ بھر میں غیر معیاری اور مضرِ صحت خوراک تیار کرنے والوں کے خلاف بڑے پیمانے پر گرینڈ آپریشن کیا گیا، جس کے دوران 14 مقامات پر سخت کارروائیاں کرتے ہوئے بھاری جرمانے عائد کیے گئے جبکہ متعدد پروڈکشن یونٹس بند کردیے گئے۔ ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق ملاوٹ مافیا اور ناقص صفائی کے ذمہ دار عناصر (بقیہ نمبر 4)

کریکٹر سرٹیفکیٹ کے فارمیٹ میں ترمیم نہ کرنے پر آئی جی پنجاب طلب

ڈی ایمیشن اتھارٹیز کے سامنے اعتراضات جمع کروانے کی مدت 4 جولائی تک بڑھا دی گئی

لاہور (این این آئی) صوبائی الیکشن کمیشن نے پنجاب میں یونین کونسلوں کی حد بندی کے عمل کے لیے نظرثانی شدہ شیڈول جاری کردیا گیا۔ الیکشن کمیشن نے حد بندی کے عمل سے متعلق 15 اپریل 2026ء کے نوٹیفکیشن میں جزوی ترمیم کر دی۔ ووٹرز کی جانب سے ڈی ایمیشن اتھارٹیز کے سامنے اعتراضات جمع کروانے کی مدت 4 جولائی (بقیہ نمبر 32)

ماحولیاتی نمونے میں پولیو وائرس کی موجودگی کا انکشاف

کراچی (اے ایف بی) کراچی میں ایک ماحولیاتی نمونے میں پولیو وائرس پایا گیا ہے۔ سندھ ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (ای او سی) کے مطابق صوبے میں پولیو وائرس سے متعلق 21 ماحولیاتی نمونے مثبت، (بقیہ نمبر 31)

آزاد کشمیر کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق مطالبات مان لئے

گزشتہ سال کالعدم ایکشن کمیٹی نے 38 مطالبات پیش کیے، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد: (اے ایف بی) وزیراعظم کے سیاسی مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق تمام مطالبات مان لئے ہیں، کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، پاکستان اور کشمیریوں کے درمیان لازوال رشتہ قائم ہے، کالعدم ایکشن کمیٹی (بقیہ نمبر 26)

صوبائی وزیر معدنیات سردار شیر علی گورچانی بجٹ اجلاس میں شرکت کے لئے پنجاب اسمبلی آرہے ہیں

عزاداروں کو طبی امداد کی فراہمی کیلئے میڈیکل کیمپس قائم

ریسکیو 1122 کی ایمبولینسز، تربیت یافتہ ریسکیورز اور ضروری طبی سامان کو ہائی الرٹ رکھا جائے گا

محکمہ صحت اور ریسکیو 1122 باہمی تعاون سے عزاداروں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ

راولپنڈی (این ای این) ضلعی انتظامیہ کی ہدایت پر چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر اظہر عباسی، ایم ایس جنرل ہسپتال سالمی ڈاکٹر قیصر اور ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 انجینئر کامران رشید کا تریٹ کا دورہ، محرم الحرام کے لیے طبی اور ایمرجنسی انتظامات کا جائزہ ضلعی انتظامیہ کی ہدایت پر چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر اظہر عباسی اور ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 (بقیہ نمبر 6)

ضلعی انتظامیہ کی ہدایت پر چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر اظہر عباسی ایم ایس جنرل ہسپتال سالمی ڈاکٹر قیصر اور ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 انجینئر کامران رشید تریٹ میں محرم الحرام کیلئے قائم میڈیکل کیمپ کا دورہ کررہے ہیں

ہول لائن میں زہریلی گیس بھرنے ایک نوجوان موقع پر جاں بحق

میانوالی (این این آئی) میانوالی کے علاقہ واں بھچراں میں گندگی سے بند اور گیس سے بھری میں ہول لائن کو چالو کرنے کے دوران زہریلی گیس بھرنے ایک نوجوان موقع پر جاں بحق جبکہ نوجوان کو بچانے کیلئے مین ہول میں اترنے والے دو نوجوان زخمی (بقیہ نمبر 23)

گریٹر تھل کینال میں نہاتے ہوئے 3 بچے ڈوب گئے، 2 کی لاشیں برآمد

افسوسناک واقعہ جھنگ روڈ پر منکیرہ کے قریب سڑک کی سٹاپ کے علاقے میں پیش آیا

بھکر (این این آئی) گریٹر تھل کینال میں نہاتے ہوئے 3 بچے ڈوب گئے، جن میں سے 2 کی لاشیں نکال لی گئی ہیں جبکہ تیسرے بچے کی تلاش کیلئے ریسکیو آپریشن شروع کر دیا گیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق یہ افسوسناک واقعہ جھنگ روڈ پر منکیرہ کے قریب سڑک کی سٹاپ کے علاقے میں پیش آیا، جہاں 3 بچے نہاتے ہوئے نہر میں ڈوب گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 بھکر نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ریسکیو گاڑی، ایمبولینس (بقیہ نمبر 22)

ڈپٹی کمشنر سرگودھا حسین احمد رضا چوہدری کا کنٹرول روم کا دورہ

سیف سٹی، سی سی ٹی وی اور دیگر مانیٹرنگ کیمروں کے ذریعے مجالس، عزاداری جلوسوں، سبیلوں اور نیاز کے مقامات کی مانیٹرنگ کا تفصیلی جائزہ لیا

حساس مقامات، جلوسوں کے روٹس، داخلی وخارجی راستوں اور ہجوم والے علاقوں پر خصوصی نظر رکھی جائے، ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری

سرگودھا (طارق قاسمی سے) ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے ڈی سی کمپلیکس میں قائم کنٹرول روم کا دورہ کیا اور سیف سٹی، سی سی ٹی وی اور دیگر مانیٹرنگ کیمروں کے ذریعے مجالس، عزاداری جلوسوں، سبیلوں اور نیاز کے مقامات کی مانیٹرنگ کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی سٹی فضل قادر نے سکیورٹی انتظامات جبکہ سکیورٹی انچارج نے حساس مقامات اور مجالس و جلوسوں کے منتظمین میں جعفر نقوی، سید افتخار نقوی، حسنین شیرازی، محمد قاسم، تصدق حسین، عباس حیدر، ممتاز حسین، (بقیہ نمبر 7)

سرگودھا۔ ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری کنٹرول روم میں عزاداری جلوسوں اور مجالس کی مانیٹرنگ بارے بریفنگ لے رہے ہیں

سرگودھا میں آٹھ محرم الحرام عقیدت واحترام سے منایا گیا

شہر کے مرکزی جلوس ذوالجناح سمیت ضلع سے 79 اعزاداری جلوس برآمد ہوئے

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں آٹھ محرم الحرام عقیدت واحترام سے منایا گیا اس موقع پر شہر کے مرکزی جلوس ذوالجناح سمیت ضلع سے 79 اعزاداری جلوس برآمد ہوکر پرامن طور پر اختتام پزیر ہوئے جبکہ امام بارگاہوں سمیت 245 مقامات پر مجالس (بقیہ نمبر 27)

حادثاتی طور پر گولی لگنے سے 22 سالہ لڑکی جاں بحق

الماری کی صفائی کے دوران پسٹل اچانک چلنے سے گولی ندا اشرف کے سینے میں جا لگی

سرگودھا (این این آئی) میاں حیات کالونی میں حادثاتی طور پر گولی لگ جانے سے 22 سالہ لڑکی جاں بحق ہوگئی۔ اہل خانہ کے مطابق الماری کی صفائی کے دوران وہاں موجود پسٹل اچانک چلنے سے گولی ندا اشرف کے سینے میں جا لگی، پولیس نے نعش کو پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ معاملے کی تفتیش شروع کر دی گئی ہے، موت (بقیہ نمبر 28)

صوبائی وزیر مواصلات کا بسلسلہ محرم الحرام مری کا دورہ

محرم الحرام خاص کر عاشورہ کے جلوسوں کے لیے موثر اور فول پروف سیکورٹی انتظامات یقینی بنانے جا رہے ہیں، ملک صہیب احمد بھرتھ

کسی کو شرانگیزی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ سوشل میڈیا پر کڑی نظر رکھی جارہی ہے۔ صوبائی وزیر تعمیرات ومواصلات

راولپنڈی (این ای این) صوبائی وزیر برائے تعمیرات ومواصلات پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ محرم الحرام خاص کر عاشورہ کے جلوسوں کے لیے موثر اور فول پروف سیکورٹی انتظامات یقینی بنانے جا رہے ہیں۔ محرم الحرام کے دوران امن وامان کی فضا برقرار رکھنے کے لیے تمام ادارے باہمی تعاون کو مزید مربوط بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بسلسلہ محرم الحرام انتظامیہ کی جانب سے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے مری کے دورے پر کیا۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر برائے تعمیرات ومواصلات پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ بسلسلہ محرم الحرام (بقیہ نمبر 5)

صوبائی وزیر تعمیرات ومواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ، مری میں محرم الحرام کے جلوسوں کے روٹس کا معائنہ کررہے ہیں

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
ABC Certified
عوام کی بے ساختہ للکار
WUOJ

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پری مون سون انتظامات

ملک میں پری مون سون بارشوں کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ پچھلے کئی سال سے مون سون کے دوران بڑے شہروں میں اربن فلڈنگ سے شدید نقصان ہوا۔ مگر اس حوالے سے تیاریوں کی بات کی جائے تو انتظامات تسلی بخش نہیں۔ بارشوں کی مؤثر نگرانی' بروقت پیش گوئی اور نکاسیِ آب کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے شروع کیا گیا ڈیجیٹل رین ڈیش بورڈ منصوبہ بھی مقررہ مدت میں مکمل نہیں ہوسکا اور اس کا دائرہ کار بھی 41 سے کم کر کے 15 اضلاع تک کر دیا گیا ہے۔ ڈیجیٹل رین ڈیش بورڈ جدید ٹیکنالوجی پر مبنی نظام ہے جس کے ذریعے بارشوں کے اعداد و شمار' موسمی صورتحال' بارشی پانی کی سطح اور نکاسی کے نظام اور اربن فلڈنگ کے خطرات کی مسلسل نگرانی کی جانی تھی مگر اطلاعات کے مطابق فنڈز کے اجرا کے باوجود یہ منصوبہ مکمل نہیں ہوسکا۔

سیوریج کے ناقص انتظامات کی وجہ سے ہر سال بڑے شہروں میں اربن فلڈنگ کے باعث معمولاتِ زندگی مفلوج ہو جاتے ہیں اور شہریوں کو جانی و مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گزشتہ برس لاہور' راولپنڈی' فیصل آباد' سیالکوٹ اور گجرات سمیت پنجاب کے متعدد بڑے شہروں میں اربن فلڈنگ کی صورتحال پیدا ہوئی تھی' لہٰذا ڈیجیٹل نگرانی کے ساتھ ساتھ زمینی سطح پر اصلاحات بھی ضروری ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ مون سون کے آغاز سے قبل بڑے شہری مراکز میں نالوں اور ڈرینج چینلز کی ہنگامی بنیادوں پر صفائی' آبی گزرگاہوں سے تجاوزات کا خاتمہ اور نکاسی آب کا بہتر نظام یقینی بنائے۔

روڈ پر جنم لیتے بچے، راستوں میں مرتے مریض، گوجرخان کا والی وارث کون؟

برملا خلاصہ
قمر شہزاد مغل
Mughalqamar655@gmail.com

جی ٹی روڈ پر واقع عمارت جسے کہنے کو تو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کہا جاتا ہے، لیکن درحقیقت وہ گوجرخان کے باسیوں کے لیے ایک ریفرل سنٹر اور جیتے جاگتے انسانوں کے لیے مقتل بن چکا ہے۔ گوجرخان کا ٹی ایچ کیو ہسپتال آج بھی کسی مسیحا کا منتظر ہے۔ کسی ایسے صاحبِ اختیار کا منتظر جو تصویروں، بیانات اور وعدوں سے آگے بڑھ کر عملی اقدامات کرے۔ کسی ایسے نمائندے کا منتظر جو سڑک پر جنم لینے والے بچے کی ماں کی تکلیف محسوس کرے، راستے میں دم توڑتے مریض کی آخری سانس کا کرب سمجھے اور عوام کی بے بسی کو اپنی سیاسی ذمہ داری جانے۔ ورنہ تاریخ یہی لکھے گی کہ گوجرخان میں ہسپتال تو تھا، مگر علاج نہیں تھا، نمائندے تو تھے، مگر نمائندگی نہیں تھی، اور عوام تو تھے، مگر ان کا کوئی والی وارث نہیں تھا۔ کیا ضمیر مر چکے ہیں یا احساس کی رگیں سن ہو چکی ہیں؟ پوٹھوہار کی زرخیز دھرتی، جس نے ملکی سیاست کو بڑے بڑے نامور جلیل القدر رہنما اور عہدے دار دیے، آج اپنے ہی بیٹوں اور بیٹیوں کے خون کا نوحہ پڑھ رہی ہے۔ تحصیل گوجرخان کے لاکھوں عوام کا پرسا دینے والا کوئی نہیں اور اس بے حسی کا سب سے بڑا مرکز جی ٹی روڈ کے کنارے وسیع و عریض رقبے پر پھیلی تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان کی عمارت دراصل کوئی علاج گاہ نہیں، بلکہ اس نظام کہنہ کا وہ نوحہ ہے جسے سن کر پتھر کا دل بھی پگھل جائے، مگر افسوس کہ ہمارے چنے ہوئے نمائندوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ چوہدری پرویز الٰہی کے دور میں اس ہسپتال پر 'ٹراما سنٹر' کا چمکتا ہوا بورڈ تو سجا دیا گیا، مگر وقت نے ثابت کیا کہ وہ ٹراما سنٹر نہیں، بلکہ گوجرخان کے غیور عوام کے ساتھ ایک بدترین ڈراما سنٹر تھا جو آج تک چلی آ رہی ہر حکومت اور ہر سیاسی جماعت کے دور میں کامیابی سے کھیلا جا رہا ہے۔ جدید دور کا نعرہ لگانے والے ذرا آ کر دیکھیں کہ یہاں نہ تو کوئی فنکشنل آئی سی یو (ICU) ہے، نہ زندگی بچانے والا وینٹی لیٹر، اور نہ ہی قبل از وقت پیدا ہونے والے معصوم بچوں کے لیے کوئی نرسری، نہ ریڈیالوجسٹ ہے، یہ کیسی ترقی ہے جہاں ایک حاملہ ماں، ایک بوڑھا باپ یا حادثے کا شکار کوئی نوجوان بنیادی طبی سہولت کو ترستا ہے؟ نتیجہ؟ ایک ہی لکیر پیٹی جاتی ہے "راولپنڈی ریفر کر دو"۔ وہ راولپنڈی جو گوجرخان سے گھنٹوں کی مسافت پر ہے۔ اس خونی راستے میں کتنے ہی بوڑھے باپ اپنے بیٹوں کے کندھوں پر دم توڑ گئے، کتنے ہی بھائی سسک سسک کر مٹی ہو گئے، اور بے حسی کی انتہا دیکھیے کہ ہماری مائیں، بہنیں اور بیٹیاں ایمبولینسوں یا سڑک کنارے گاڑیوں میں بچوں کو جنم دینے پر مجبور ہیں۔ کیا یہ مناظر دیکھ کر ان ایوانوں میں بیٹھے پنڈتوں کو شرم نہیں آتی؟ مسئلہ ڈاکٹروں، نرسوں یا پیرامیڈیکل اسٹاف کا نہیں ہے۔ سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث ان کے ہاتھ بھی بندھے ہوئے ہیں۔ وہ خود اس بوسیدہ نظام کے یرغمالی ہیں۔ عوام اور ڈاکٹرز آمنے سامنے ہیں، کہیں ہاتھا پائی ہو رہی ہے تو کہیں سڑکوں پر موت بٹ رہی ہے، لیکن اصل مجرم وہ سیاسی اشرافیہ جو ہر الیکشن میں ووٹ مانگنے آپ کی دہلیز پر ناک رگڑتی ہے وہ غائب ہے۔ اگر ان نمائندوں میں رتی برابر بھی غیرت اور وفا ہوتی، تو آج گوجرخان کا ہسپتال گریہ زاری کی داستان نہ بنا ہوتا۔ کچھ دن شور مچتا ہے، سوشل میڈیا پر طوفان اٹھتا ہے، کوئی بے بس ڈاکٹروں کو گالیاں دیتا ہے تو کوئی صحافیوں کے قلم پر سوال اٹھاتا ہے۔ لیکن تعجب ہے کہ ان تماش بین سیاسی رہنماؤں کے گریبان پر کوئی ہاتھ کیوں نہیں ڈالتا؟ ان سے کوئی کیوں نہیں پوچھتا کہ تمہاری شاہانہ مراعات، تمہاری وی آئی پی پروٹوکول والی گاڑیاں تو وقت پر پہنچ جاتی ہیں، مگر غریب کے لیے وینٹی لیٹر، بچوں کی نرسری، آئی سی یو یونٹ، کیوں نہیں بن سکتا؟ ہر حادثے کے بعد ہم چند دن ماتم کرتے ہیں اور پھر نئے مقتول اور نئے واقعے کے انتظار میں سو جاتے ہیں۔ آج گوجرخان کا ہسپتال کسی لفافی یا کھوکھلے دعوے کا نہیں، بلکہ ایک حقیقی مسیحا کا متلاشی ہے۔ کوئی تو ہو جو اس دھرتی کا والی وارث بنے، جو راستے میں تڑپنے والوں کا کرب اپنے سینے پر محسوس کرے، جو سڑک پر بچہ جنتی بہن بیٹی کی بے بسی پر خون کے آنسو روئے۔ کب تک ہم ان تماش بینوں کی شطرنج کے مہرے بنے رہیں گے؟ چشم پوشی کرنے والے ان حکمرانوں کو اب آئینہ دکھانے کا وقت آ چکا ہے۔ اگر اب بھی گوجرخان کے عوام نے اپنے حق کے لیے ان سیاسی بتوں کے گریبان نہ پکڑے، تو یاد رکھیے، اگلا جنازہ خدانخواستہ کسی کا بھی ہو سکتا ہے، کیونکہ موت کسی کا سیاسی نظریہ دیکھ کر نہیں آتی۔

پٹرول، ٹیکس اور معیشت کے افسانے

تحریر۔۔۔محمد حسن رضا

پاکستان میں پٹرول 150 روپے فی لٹر؟ یہ سوال جتنا پُرکشش ہے' اتنا ہی پیچیدہ بھی۔ عالمی توانائی کی منڈی اس وقت ایک ایسے موڑ پر کھڑی ہے جہاں سیاست' جنگ' پابندیاں اور معاہدے ایک ہی وقت میں قیمتوں کا تعین کر رہے ہیں۔ ایران پر سے پابندیوں میں نرمی اور 60 روزہ برآمدی لائسنس جیسے اقدامات نے ایک بار پھر یہ بحث چھیڑ دی ہے کہ کیا واقعی پاکستان جیسے درآمدی ملک میں ایندھن سستا ہو سکتا ہے یا یہ صرف ایک معاشی فریب نظر ہے۔ پاکستان کی توانائی کی حقیقت جذبات سے نہیں بلکہ اعداد و شمار سے سمجھنا پڑتی ہے۔ مالی سال 2025ء کے اعداد کے مطابق پاکستان نے تقریباً 20 لاکھ ٹن ڈیزل درآمد کیا جبکہ 50 لاکھ ٹن مقامی ریفائنریوں سے حاصل کیا گیا۔ دوسری طرف پٹرول کی صورتحال اُلٹ ہے' جہاں تقریباً 50 لاکھ ٹن درآمد اور صرف 20 لاکھ ٹن مقامی پیداوار ہے۔ یعنی ملک کی توانائی کی سانسیں اب بھی بیرونی منڈیوں سے جڑی ہوئی ہیں۔

ملکِ عزیز اپنی زیادہ تر خام تیل اور پٹرولیم مصنوعات سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سے حاصل کرتا ہے۔ اس کے علاوہ نائیجیریا' امریکہ اور ماضی قریب میں روس بھی سپلائی چین کا حصہ رہے ہیں۔ 2023ء میں جب روسی تیل پاکستان پہنچا تو یہ صرف ایک تجارتی معاہدہ نہیں بلکہ ایک علامتی موڑ تھا جس نے پالیسی سازوں کو یہ باور کرایا کہ عالمی توانائی مارکیٹ اب پہلے جیسی بند نہیں رہی۔ جہاں سیاسی دروازے کھلیں' وہاں سپلائی چین بھی بدل سکتی ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا ایران کی عالمی مارکیٹ میں واپسی پاکستان کو سستے ایندھن کی فراہمی کا سبب بن سکتی ہے؟ اس کا سادہ سا جواب ہے کہ شاید نہیں' کم از کم براہِ راست نہیں۔ اس وقت ملک میں پٹرول کے سرکاری نرخ تقریباً 299 روپے اور ڈیزل کے 311 روپے فی لٹر ہیں جبکہ بلوچستان میں ایرانی ڈیزل اور پٹرول تقریباً 250 روپے فی لٹر میں دستیاب ہے۔ یہ فرق بظاہر بہت بڑا لگتا ہے مگر ماہرین کے مطابق یہ قیمتیں پابندیوں کے دور کی معیشت کا نتیجہ ہیں نہ کہ آزاد مارکیٹ کا۔ جیسے ہی ایران عالمی نظام میں واپس آئے گا وہ بھی وہی قیمت وصول کرے گا جو عالمی مارکیٹ طے کرے گی۔ روس اس کی واضح مثال ہے۔ 2022ء میں یوکرین جنگ کے بعد جب روس پر مغربی پابندیاں لگیں تو روسی تیل عالمی قیمت سے 30 سے 40 فیصد سستا فروخت ہوا۔ بھارت اور چین نے اس موقع سے فائدہ اٹھایا لیکن جیسے ہی پابندیاں نرم ہوئیں روسی تیل بھی عالمی قیمتوں کے قریب آ گیا۔ مارکیٹ نے جذبات نہیں دیکھے' صرف طلب اور رسد کو دیکھا۔

ایران پر بھی یہی اصول لاگو ہوتا ہے۔ ایران پر امریکی پابندیاں 2018ء میں اس وقت دوبارہ سخت ہوئیں جب امریکہ نے جوہری معاہدے (JCPOA) سے نکلنے کا اعلان کیا۔ اس سے پہلے ایران تقریباً 25 لاکھ بیرل یومیہ تیل برآمد کر رہا تھا۔ پابندیوں کے بعد یہ مقدار گر کر پانچ سے سات لاکھ بیرل یومیہ رہ گئی۔ اب اگر 60 روزہ برآمدی لائسنس یا کسی عارضی نرمی کے نتیجے میں ایران 10 سے 15 لاکھ بیرل یومیہ بھی مارکیٹ میں لے آتا ہے تو یہ عالمی سپلائی میں ایک بڑا اضافہ ہوگا۔ یہی وہ نکتہ ہے جس سے پاکستان جیسے ممالک کی امیدیں جڑی ہیں۔ عالمی منڈی میں اگر سپلائی بڑھتی ہے تو قیمتوں پر دباؤ آتا ہے۔ 2008ء میں جب عالمی تیل کی قیمت 140 ڈالر فی بیرل تک پہنچی تھی تو دنیا بھر میں معاشی بحران پیدا ہوا تھا۔ اس کے بعد شیل آئل انقلاب اور اوپیک کی پالیسیوں نے قیمتوں کو نسبتاً کم کیا۔ 2020ء میں کورونا کے دوران تو صورتحال یہ تھی کہ امریکی خام تیل (WTI) منفی قیمت تک گر گیا تھا' یعنی بیچنے والے خریدار کو پیسے دینے کو تیار تھے۔ یہ تاریخ کا غیر معمولی واقعہ تھا۔ لیکن ان تمام مثالوں میں ایک چیز مشترک ہے' قیمتیں عالمی سپلائی اور طلب سے چلتی ہیں نہ کہ کسی ایک ملک کی خواہش سے۔ پاکستان کیلئے ایران کا سب سے بڑا فائدہ جغرافیہ ہے نہ کہ کم قیمت۔ ایران سے قربت کی وجہ سے فریٹ اور ٹرانسپورٹ لاگت کم ہو سکتی ہے۔ ماہرین کے مطابق اس سے فی لٹر چند روپے کی بچت ممکن ہے لیکن 150 روپے فی لٹر تک کمی کا تصور موجودہ عالمی ڈھانچے میں حقیقت پسندانہ نہیں۔

اصل مسئلہ صرف قیمت نہیں بلکہ ریفائننگ کا نظام بھی ہے۔ ایرانی خام تیل نسبتاً بھاری (heavy crude) ہوتا ہے' جس سے 40 سے 45 فیصد تک فرنس آئل نکلتا ہے۔ پاکستان میں فرنس آئل کی کھپت محدود ہے جبکہ ریفائنریوں کی اکثریت لائٹ کروڈ کیلئے ڈیزائن کی گئی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر ایران سے خام تیل بڑے پیمانے پر آئے بھی تو اسے پروسیس کرنا پاکستان کیلئے چیلنج ہو گا۔ پاکستان کی ڈیزل اور پٹرول کی سالانہ کھپت 70'70 لاکھ ٹن کے قریب ہے۔ اس میں سے بڑا حصہ درآمدی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ملک کی توانائی پالیسی بیرونی جھٹکوں کیلئے ہمیشہ حساس رہی ہے۔ 1973ء کا آئل کرائسز' 2008ء کی قیمتوں میں تیزی اور 2022ء کی عالمی مہنگائی' یہ سب پاکستان کیلئے معاشی جھٹکے ثابت ہوئے۔ یہاں ایک اہم پہلو سفارتکاری کا بھی ہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان پاکستان کی مفاہمتی کوششیں اس بات کی علامت ہیں کہ توانائی اب صرف تجارت نہیں بلکہ جیوپولیٹیکل ٹول بن چکی ہے۔ اگر پاکستان اس توازن کو درست طریقے سے استعمال کرے تو نہ صرف توانائی کے شعبے بلکہ معاشی استحکام میں بھی فائدہ ہو سکتا ہے۔

لیکن ایک حقیقت اٹل ہے کہ ایران پر پابندیوں میں نرمی کا مطلب پاکستان میں فوری سستا پٹرول نہیں۔ یہ زیادہ سے زیادہ عالمی قیمتوں میں معمولی کمی' سپلائی میں استحکام اور طویل مدتی معاہدوں میں بہتری کی صورت میں سامنے آ سکتا ہے۔ پاکستان میں اصل مسئلہ عالمی قیمت نہیں بلکہ داخلی ڈھانچہ ہے۔ ٹیکس' لیوی' روپے کی قدر اور ریفائننگ مارجن' جب تک یہ عوامل موجود ہیں عالمی منڈی میں چاہے جتنی بھی نرمی آئے' صارف تک مکمل فائدہ نہیں پہنچ سکتا۔ نتیجہ سادہ ہے مگر تلخ بھی: ایران کی واپسی عالمی منڈی کیلئے اہم ہے' یہ پاکستان کیلئے فائدہ مند ہو سکتی ہے مگر 150 روپے فی لٹر پٹرول کا خواب موجودہ معاشی اور جغرافیائی حقیقتوں میں ایک دور کی کوڑی ہے۔ اگلے روز چیئرمین ایف بی آر نے اپنے ایک کالم میں ملکی معیشت کے کئی "افسانوں" کا ذکر کیا' مگر کالم پڑھتے ہوئے سب سے بڑا سوال یہی پیدا ہوتا ہے کہ آخر یہ افسانے تخلیق کس نے کیے' انہیں زندہ کس نے رکھا اور ان سے فائدہ کس نے اٹھایا؟ اگر قرضوں پر انحصار' کمزور ٹیکس نظام' محدود ٹیکس بیس' مراعات یافتہ طبقوں کو دی جانے والی ہزاروں ارب روپے کی ٹیکس چھوٹ اور مالیاتی بے ضابطگیاں واقعی معیشت کی خرابی کی بنیادی وجوہات ہیں تو پھر ان مسائل کے حل کی ذمہ داری بھی انہی اداروں پر عائد ہوتی ہے جو ریاست کے مالیاتی نظام کے محافظ ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ عجیب بات ہے کہ برسوں سے عوام کو انہی پالیسیوں کے نتائج بھگتنا پڑ رہے ہیں اور آج انہی نتائج کو افسانے قرار دے کر بیان کیا جا رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ چیئرمین ایف بی آر جو کہہ رہے ہیں' تو جناب جب یہ افسانے پروان چڑھ رہے تھے ریاستی ادارے تب کہاں تھے؟ اگر نظام غلط تھا تو اسے درست کرنے کی کوشش کیوں نہ ہوئی؟ اگر مراعات غیر منصفانہ تھیں تو انہیں ختم کیوں نہ کیا گیا؟ اگر ٹیکس کا بوجھ غلط سمت جا رہا تھا تو اس کی اصلاح کیوں نہ ہوئی؟ آج بھی صورتحال یہ ہے کہ تنخواہ دار طبقہ' صارفین اور دستاویزی معیشت مسلسل دباؤ میں ہے جبکہ بڑے لوگوں کے استثنیٰ' خصوصی رعایتیں اور مفادات بڑی حد تک محفوظ دکھائی دیتے ہیں۔ ایسے میں عوام کو محض افسانوں کی فہرست نہیں چاہیے بلکہ یہ جاننے کا حق چاہیے کہ ان افسانوں کے کردار کون تھے' ان کے نگہبان کون تھے اور ان کا احتساب کب ہوگا۔ سب سے دلچسپ پہلو یہ ہے کہ معیشت کے افسانوں پر روشنی ڈالنے والے خود اسی معاشی نظام کے اہم ترین کرداروں میں شمار ہوتے ہیں۔ اس لیے عوام شاید یہ سوال پوچھنے میں حق بجانب ہیں کہ کہیں ایسا تو نہیں کہ افسانے صرف معیشت میں نہیں' احتساب اور اصلاحات کے دعوؤں میں بھی موجود ہیں!

شوبز SHOWBIZ

زکوۃ نے میری شوبز کی کمائی کو پاک کر دیا، نرگس

ماضی میں اپنی پیشہ ورانہ زندگی کو عبادت سمجھ کر انجام دیتی تھی، انٹرویو

لاہور (این این آئی) پاکستانی فلم انڈسٹری کی سابق اداکارہ اور رقاصہ نرگس ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئی ہیں۔ حال ہی میں ان کا ایک انٹرویو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ میں اپنی شوبز کی کمائی سے باقاعدگی سے زکوۃ ادا کرتی رہی ہوں اور زکوۃ مال کو پاک کر دیتی ہے۔ ایک انٹرویو میں نرگس نے اپنے ماضی اور موجودہ زندگی کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 1992 سے جب میں نے کمانا شروع کیا، میں کبھی اپنی آمدنی 2.5 فیصد زکوۃ نکالے بغیر گھر نہیں لے گئی، میں قسم کھا کر کہتی ہوں کہ زکوۃ آپ کے مال کو پاک کر دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں اپنی پیشہ ورانہ زندگی کو عبادت سمجھ کر انجام دیتی تھی اور میرے کیریئر میں کوئی فحش رقص تلاش کرنا مشکل ہوگا۔ نرگس نے ج کے دوران اپنے جذباتی تجربات بھی بیان کیے اور کہا کہ طواف کے دوران لوگوں کی محبت اور عزت نے مجھے بے حد متاثر کیا۔ نرگس کے اس بیان کے بعد سوشل میڈیا پر ملا جلا ردعمل سامنے آیا ہے، متعدد صارفین نے ان کی زندگی میں آنے والی مثبت تبدیلی، توبہ اور مذہب کی طرف رجوع کو سراہا۔

عائشہ عمر نے اپنی لیک تصاویر کے تنازع پر خاموشی توڑ دی

ان تصاویر کو میری اجازت کے بغیر سوشل میڈیا پر شیئر کیا گیا تھا، اداکارہ

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ اور ماڈل عائشہ عمر نے کئی برس بعد ساحل پر چھٹیاں منانے والی اپنی لیک تصاویر سے متعلق تنازع پر کھل کر بات کی ہے اور کہا ہے کہ ان تصاویر کو میری اجازت کے بغیر سوشل میڈیا پر شیئر کیا گیا تھا۔ عائشہ عمر نے حال ہی میں بی بی سی اردو کو دیے گئے ایک انٹرویو میں بتایا ہے کہ میں اپنی قریبی دوست اور اداکارہ ماریہ وسطی کے ساتھ تھائی لینڈ میں چھٹیاں گزار رہی تھی جب میری نجی تصاویر لیک ہو گئیں۔ ان کا کہنا ہے کہ میں ایک تصویر میں سوئمنگ سوٹ پہنے ہوئے تھی جبکہ دیگر تصاویر میں موسمِ گرما کے لباس اور اسکرٹس میں نظر آ رہی تھی۔ اداکارہ نے کہا کہ تصاویر کے منظرِ عام پر آنے کے بعد مجھے شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا اور اس کے منفی اثرات میرے پیشہ ورانہ کیریئر پر بھی پڑے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس وقت کئی پروڈیوسرز خواتین کے لیے ایک مخصوص سماجی تاثر کو اہمیت دیتے تھے، جس کی وجہ سے مجھے بعض کاموں سے بھی محروم ہونا پڑا۔ عائشہ عمر نے بتایا کہ نجی تصاویر کو اجازت کے بغیر شیئر کرنا کسی کی پرائیویسی اور رضامندی کی خلاف ورزی ہے۔

محرم الحرام ہمیں صبر، قربانی اور حق کیلئے ڈٹ جانے کا درس دیتا ہے' عینی طاہرہ

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ و اداکارہ عینی طاہرہ نے کہا ہے کہ محرم الحرام ہمیں صبر، قربانی اور حق کے لیے ڈٹ جانے کا درس دیتا ہے، واقعہ کربلا انسانیت کے لیے مشعلِ راہ ہے اور اس کی تعلیمات صدیاں گزر جانے کے باوجود آج بھی اتنی ہی اہم ہیں۔ ایک انٹرویو میں عینی طاہرہ نے کہا کہ حضرت امام حسین اور ان کے جانثار ساتھیوں کی عظیم قربانی حق و صداقت کی لازوال مثال ہے۔ اس مقدس مہینے میں ہمیں اپنی زندگیوں کا جائزہ لے کر مثبت تبدیلی لانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ عینی طاہرہ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ امن، محبت اور رواداری کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان سمیت پوری امتِ مسلمہ کو امن، استحکام اور خوشحالی عطا فرمائے۔

معروف شاعر نثار ناسک کی ساتویں برسی 3 جولائی کو منائی جائے گی

راولپنڈی (این این آئی) ملک کے معروف شاعر نثار ناسک کی ساتویں برسی 3 جولائی کو منائی جائے گی۔ نثار ناسک 15 فروری 1939 کو راولپنڈی میں پیدا ہوئے۔ ان کی وجہ شہرت ملی نغمہ دل دل پاکستان بنا جو ایک موسیقار گروپ وائٹل سائنز نے گایا تھا۔ پاکستان ٹیلی ویژن نے اردو ادب میں خدمات کے اعتراف میں انہیں لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا۔ نثار ناسک اردو اور پنجابی میں بھی لکھتے تھے، ان کی دو کتابیں چوتھی سمت آ نکلا اور دل دل پاکستان شائع ہوئیں، انہیں تمغہ حسن کارکردگی سے بھی نوازا گیا۔ نثار ناسک کچھ عرصہ جزوی طور پر بینائی سے محروم ہو گئے۔ اور ایمفیزیا کے مرض میں مبتلا رہنے کے بعد ڈھوک رتہ (ضلع راولپنڈی) میں 3 جولائی 2019 کو وفات پا گئے، ان کی برسی کے موقع پر علمی و ادبی حلقوں کے زیر اہتمام منعقدہ تقریبات میں ان کی خدمات پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

پریانکا چوپڑا اور انجلینا جولی ایک ساتھ جلوہ گر ہونے کو تیار

فلم ''وارانسی'' 7 اپریل 2027 کو دنیا بھر میں نمائش کے لیے پیش کی جائے گی

ممبئی (این این آئی) ہالی ووڈ اور بولی ووڈ کی نامور اداکارہ پریانکا چوپڑا نے انکشاف کیا ہے کہ وہ جلد ایک ایسے ہالی ووڈ پروجیکٹ کا حصہ ہوں گی جس میں آسکر ایوارڈ یافتہ عالمی اسٹار انجلینا جولی بھی ان کے ساتھ نظر آئیں گی۔ تاہم اداکارہ نے اس منصوبے سے متعلق مزید تفصیلات ظاہر کرنے سے گریز کیا ہے۔ اس اعلان کے بعد دنیا بھر میں موجود دونوں اداکاراں کے مداحوں میں بے حد تجسس پیدا ہو گیا ہے اور سوشل میڈیا پر یہ قیاس آرائیاں کی جا رہی ہیں کہ آیا یہ جوڑی کسی فلم میں ایک ساتھ جلوہ گر ہوگی، کسی اشتہاری مہم کا حصہ بنے گی یا پھر کسی فلاحی سرگرمی میں مشترکہ طور پر دکھائی دے گی۔ کیونکہ دونوں ہی اپنی سماجی خدمات کے باعث بھی عالمی سطح پر پہچانی جاتی ہیں۔ پریانکا چوپڑا نے انٹرویو کے دوران انجلینا جولی کے ساتھ ساتھ پینی لوپ کروز اور سلمیٰ ہائیک کا بھی خصوصی ذکر کیا اور کہا کہ وہ ان باصلاحیت اداکاراں کے کیریئر سے مسلسل ترغیب حاصل کرتی ہیں۔ اداکارہ کے مطابق یہ نیا بین الاقوامی پروجیکٹ ان کے کیریئر میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے، کیونکہ اب وہ اس مقام پر پہنچ چکی ہیں جہاں انہیں اپنے کام کے انتخاب میں مکمل آزادی حاصل ہے۔ بولی ووڈ سے ہالی ووڈ تک سفر کے ابتدائی مرحلے کو یاد کرتے ہوئے پریانکا چوپڑا نے اعتراف کیا کہ انہیں اس وقت جو اسکرپٹس ملتے تھے وہ ان کے لیے خاص طور پر نہیں لکھے گئے تھے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ان کے شوہر نک جوناس نے انہیں اس حقیقت کا احساس دلایا کہ وہ اب اس مرحلے پر آ چکی ہیں جہاں انہیں اپنے لیے بہترین پروجیکٹس منتخب کرنے کی مکمل آزادی حاصل ہے۔ واضح رہے کہ پریانکا چوپڑا ان دنوں بھارتی سینما میں بھی واپسی کر رہی ہیں اور وہ ہدایتکار ایس ایس راجامولی کی بڑے بجٹ کی ایکشن ایڈونچر فلم وارانسی کا حصہ بن رہی ہیں۔

خدا کی راہ میں تقسیم کرنے سے مال کم نہیں ہوتا' ریشم

کسی کی تکلیف دور کر کے جو دلی سکون ملتا ہے اسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ خدا کی راہ میں تقسیم کرنے سے مال کم نہیں ہوتا بلکہ آپ کے پاس جو مال موجود ہوتا ہے اس میں برکت آتی ہے، لوگ کیا کہیں گے اگر آپ اس سوچ میں پڑ جائیں گے تو آپ پرسکون زندگی نہیں گزار سکیں گے اس لئے اپنے اردگرد کو نظر انداز کر کے آگے بڑھتے جائیں۔ ایک انٹرویو میں ریشم نے کہا کہ میں انسانیت سے پیار کرتی ہوں، اگر کوئی انسان مشکل میں ہو اور مجھے اس کا معلوم ہو جائے تو میں پرسکون میں نہیں رہتی اور میری کوشش ہوتی ہے خدا کی توفیق سے کسی طرح اس کی مشکل کو دور کروں۔ اس کے بعد آپ کو جو دلی تسکین ملتی ہے اسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ ریشم نے کہا کہ میں نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جو خدا کی راہ میں مال خرچ کرتا ہو اور اسے کبھی پریشانی آئی ہو لیکن شرط یہ ہے کہ اس میں اخلاص ہونا چاہیے کیونکہ خدا کی ذات کو اخلاص بہت پسند ہے۔

اداکارہ ذہین طاہرہ کی ساتویں برسی 9 جولائی کو منائی جائے گی

کراچی (این این آئی) پاکستان ٹیلی ویژن کی معروف اداکارہ ذہین طاہرہ کی ساتویں برسی 9 جولائی کو منائی جائے گی۔ انھوں نے فلم کے لیے بھی کام کیا اور اداکاری کے علاوہ پروڈیوسر اور ہدایتکارہ کے طور پر بھی خدمات سرانجام دیں۔ ذہین طاہرہ نے ریڈیو پاکستان اور اسٹیج کے لیے بھی کام کیا۔ ذہین طاہرہ 1930 میں بھارتی شہر لکھنن میں پیدا ہوئیں اور 45 برس ٹیلی ویژن سے منسلک رہیں جبکہ 700 سے زائد ڈراموں میں اداکاری کے جوہر بھی دکھائے۔

SPORTS سپورٹس

مسٹر بیسٹ نے رونالڈو کے ہمراہ کولیبریشن کا حیران کن تجربہ شیئر کر دیا

رونالڈو نے مجھے توقع سے کہیں زیادہ وقت دیا، شوٹنگ کے بعد اپنے گھر بھی مدعو کیا

نیویارک (این این آئی) معروف یوٹیوبر مسٹر بیسٹ نے فٹبال اسٹار کرسٹیانو رونالڈو کے ساتھ اپنی مشترکہ ویڈیو کی شوٹنگ کے تجربے پر بات کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ رونالڈو نے مجھے توقع سے کہیں زیادہ وقت دیا اور شوٹنگ کے بعد اپنے گھر بھی مدعو کیا۔ حالیہ پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے مسٹر بیسٹ نے بتایا کہ میں اس کولیبریشن کے دوران ابتدا میں یہی سمجھ رہا تھا کہ رونالڈو کے مصروف شیڈول کے باعث مجھے بہت محدود وقت ملے گا۔ ان کے مطابق میں نے سوچا تھا کہ شاید ہمیں صرف چند منٹ ملیں گے، اس لیے میں نے ویڈیو کا پورا کانسپٹ اسی مختصر وقت کے مطابق تیار کیا تھا۔ مسٹر بیسٹ نے کہا کہ شوٹنگ سے پہلے میں حتی الامکان رونالڈو کے وقت کا احترام کرنا چاہتا تھا اور ان کے شیڈول کو آسان بنانے کی کوشش کر رہا تھا، تاہم اصل تجربہ میری توقعات سے بالکل مختلف ثابت ہوا۔ مسٹر بیسٹ کے مطابق رونالڈو نے خود کہا کہ جتنا وقت درکار ہو ہم لے سکتے ہیں تاکہ مواد بہتر انداز میں تیار ہو سکے اور کسی قسم کی جلد بازی نہیں تھی۔ یہ کولیبریشن بعد میں 2024 کے سب سے بڑے آن لائن پروڈیکشنز میں شمار ہوا۔

میرا مقصد قومی ٹیم کو اپنے مقاصد کے حصول میں مدد کرنا ہے

مایوس کن کارکردگی کے بعد کئی ریکارڈز اپنے نام کرنے پر رونالڈو کا بڑا اعتراف

لاس اینجلس (این این آئی) پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے ورلڈ کپ کے آغاز میں مایوس کن کارکردگی کے بعد باآخر ازبکستان کے خلاف میچ کے دوران کئی ریکارڈز اپنے نام کر لیے۔ فیفا ورلڈ کپ 2026 کے گروپ اسٹیج میں ازبکستان کے خلاف میچ کے چھٹے منٹ میں رونالڈو نے پہلا گول کیا تو وہ ورلڈ کپ کے 6 مختلف ایڈیشنز میں گول کرنے والے پہلے فٹبالر بن گئے، اسی میچ کے 39 ویں منٹ میں انہوں نے دوسرا گول کیا تو ایک اور ریکارڈ اپنے نام کیا۔ 41 سالہ رونالڈو ورلڈ کپ کے مقابلوں میں پرتگال کی جانب سے سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی اور ورلڈ کپ کی تاریخ کے د

بقیہ 1

آغا مہندی اور عمار علی شامل تھے۔ منتظمین نے محرم الحرام کے دوران سہولیات اور انتظامات کی فراہمی پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے افسران مجالس اور جلوسوں کے منتظمین سے مسلسل رابطے میں ہیں تاکہ عزاداروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عاشورہ کے جلوسوں اور مجالس کا پرامن انعقاد حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام ضروری انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ عزاداروں کے لیے ٹھنڈے پانی کی سبیلوں سمیت دیگر سہولیات کا خصوصی اہتمام کیا جا رہا ہے جبکہ مجالس اور جلوسوں کی سکیورٹی کے لیے پولیس کی بھاری نفری تعینات ہے۔ انہوں نے تمام مکاتبِ فکر کے علمائے کرام کے درمیان مثالی ہم آہنگی کو قابلِ ستائش قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہی اتحاد اور بھائی چارہ امن و امان کے قیام میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ مجالس اور جلوسوں کے منتظمین کا حکومتی اقدامات اور انتظامات پر اطمینان خوش آئند ہے، اور حکومت محرم الحرام کے دوران عوام کے جان و مال کے تحفظ اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی سے ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 2

اور صحافی برادری کو اہم خوشخبری سناتے ہوئے بتایا کہ وزیر اعظم ہیلتھ انشورنس پروگرام جولائی 2026ء سے دوبارہ بحال کیا جا رہا ہے، جس سے ملک بھر کے اہل میڈیا ورکرز اور صحافی ایک مرتبہ پھر طبی سہولیات سے مستفید ہو سکیں گے۔ اس موقع پر چیئرمین اے پی این ای سی صدیق اظفر اور دیگر نے میڈیا کارکنوں کو درپیش مختلف مسائل سے وفاقی سیکرٹری اطلاعات کو آگاہ کیا اور مطالبہ کیا کہ صحافیوں اور میڈیا ملازمین کیلئے 9ویں ویج بورڈ ایوارڈ کے فوری نوٹیفکیشن سمیت فلاح و بہبود، صحت، روزگار کے تحفظ اور دیگر بنیادی حقوق کیلئے مزید مؤثر اقدامات کئے جائیں۔ وفاقی سیکرٹری اطلاعات اشفاق خلیل نے یقین دہانی کرائی کہ وزارت اطلاعات میڈیا ورکرز اور صحافیوں کے مسائل کے حل کیلئے سنجیدگی سے اقدامات جاری رکھے گی۔ ملاقات میں ڈپٹی سیکرٹری وزارت اطلاعات عثمان خان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر میڈیا انڈسٹری کی بہتری، صحافیوں کی پیشہ ورانہ مشکلات کے حل اور حکومت و میڈیا تنظیموں کے درمیان باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ صدر میڈیا ویلفیئر آرگنائزیشن محمد کلیم شمیم نے وزیر اعظم ہیلتھ انشورنس پروگرام کی بحالی کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے میڈیا ورکرز اور صحافی برادری کیلئے مثبت اور حوصلہ افزاء اقدام قرار دیا۔

بقیہ 3

منعقد کیا۔ اس سمن میں راول ہاسپٹل کے مین ہال میں ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں پارٹی کے عہدے داران اور خواتین ونگ اور دیگر خواتین ورکرز نے شرکت کی۔ اس تقریب کا عنوان پیغام کربلا اور ہماری ذمہ داریاں تھا۔ تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سیکرٹری جنرل ملک اعجاز حسین تھے۔ اس موقع پر انچارج میڈیا سیل شکیل اعوان۔ پروفیسر عمر حیات۔ سہراب بیگ۔ طاہر خان۔ ادیب احمد۔ قاضی ظفر اور احتشام احمد کے علاوہ سینئر صحافی عقیل انجم بھی موجود تھے۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ تلاوت قاضی ظفر نے کی جبکہ ہدیہ نعت فیضان عباسی نے پیش کی۔ پارٹی کی شعبہ خواتین کی صدر میڈم سیدہ فردوس جنرل سیکرٹری فرزانہ ریاض۔ عاصمہ ستی۔ نتاشہ میڈم پروین صدیق خواجہ۔ میڈم ثمینہ اور دیگر خواتین کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔ شعبہ خواتین کی صدر میڈم سیدہ فردوس نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا جبکہ انچارج میڈیا سیل شکیل اعوان سہراب بیگ۔ پروفیسر عمر حیات اور مہمان خصوصی ملک اعجاز حسین نے واقعہ کربلا پر روشنی ڈالی اور حضرت امام حسین کے کردار سے متعلق اور اپنے ذمہ داریاں کیسے نبھائی جائیں اس سے متعلق اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ملک پاکستان کی سلامتی مسلح افواج کے لیے خصوصی دعاؤں کے علاوہ پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ کی جلد از جلد صحت یابی کے لیے دعا کی گئی۔ آخر میں شرکاء میں لنگر تقسیم کیا گیا

بقیہ 4

کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران مختلف اضلاع میں کارروائیاں کی گئیں۔ آپریشن کے دوران قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں، ناقص حفظانِ صحت کے انتظامات اور غیر معیاری خوراک کی تیاری پر مجموعی طور پر 11 لاکھ 50 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران تقریباً 2 کروڑ روپے مالیت کی ممنوعہ، مضرِ صحت اور غیر معیاری اشیائے خورونوش موقع پر تلف کر دی گئیں۔ تلف کیے گئے سامان میں 10 ہزار 950 لیٹر جعلی کولڈ ڈرنکس، 1 ہزار 300 لیٹر ملاوٹی دودھ، 30 ہزار سالن گنگا، 250 کلوگرام گلا سڑا گوشت اور 425 کلوگرام ممنوعہ چائنیز نمک شامل تھا۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے قوانین کی خلاف ورزی اور مضرِ صحت خوراک کی تیاری میں ملوث 7 پروڈکشن یونٹس کو بھی سیل کر دیا۔ مزید برآں انسانی صحت سے کھلواڑ کرنے والے عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 4 مقدمات (ایف آئی آرز) بھی درج کروا دی گئیں۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی ادارے کی اولین ترجیح ہے اور ملاوٹ مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ انسانی صحت کو خطرے میں ڈالنے والے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ خوراک سے متعلق کسی بھی شکایت، معلومات یا غیر قانونی سرگرمی کی اطلاع پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہیلپ لائن 1223 پر فوری طور پر دیں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

بقیہ 5

سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لینے مری پہنچ گئے۔ اس حوالے سے صوبائی وزیر کی زیر صدارت جناح ہال مری میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی، ڈی پی او مری رضا تنویر پیرا، اے ڈی سی آر عمر اویس کیانی، اے ڈی سی جی مری کامران صغیر، سی ٹی او مری منیر احمد ہاشمی سمیت دیگر محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے صوبائی وزیر کو محرم الحرام کے حوالے سے کیے جانے والے سیکورٹی انتظامات بارے بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کیے گئے انتظامات، روٹس کی سیکیورٹی، اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سی سی ٹی وی کیمروں سے جلوسوں کے روٹس کی مؤثر نگرانی کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات کی روشنی میں زائرین کے لیے سبیلیں لگائی گئی ہیں۔ ضلعی انتظامیہ، پولیس، ٹریفک پولیس، سول ڈیفنس سمیت تمام متعلقہ اداروں کے افسران اور اہلکار جلوسوں کے روٹس پر فرائض سرانجام دیں گے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر برائے تعمیرات و مواصلات پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ محرم الحرام خاص کر عاشورہ کے جلوسوں کے لیے موثر اور فول پروف سیکورٹی انتظامات یقینی بنانے جا رہے ہیں۔ محرم الحرام کے دوران امن و امان کی فضا برقرار رکھنے کے لیے تمام ادارے باہمی تعاون کو مزید مربوط بنائیں۔ افسران اور اہلکار اپنی ڈیوٹی کو مشن سمجھ کر انجام دیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔ محرم الحرام کے دوران مری بھر میں سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات یقینی بنائے گئے ہیں۔ صوبائی وزیر نے انتظامیہ کی جانب سے کیے گئے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ بعد ازاں صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ نے جلوسوں کے روٹس کا معائنہ کیا۔ انہوں نے قدیمی امام بارگاہ، قصر آل عمران، مال روڈ اور لوئر مال روڈ پر جلوسوں کے روٹس کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ کسی کو شر انگیزی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ سوشل میڈیا پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے زائرین کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 6

انجینئر کامران رشید نے تربیت کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے محرم الحرام کے دوران عزاداروں کو فراہم کی جانے والی طبی اور ایمرجنسی سہولیات کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران مجوزہ میڈیکل کیمپس، فرسٹ ایڈ پوائنٹس، ایمبولینس کور، ایمرجنسی رسپانس پلان اور دیگر سہولیات کا معائنہ کیا گیا، اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ عزاداروں کو بروقت طبی امداد کی فراہمی کے لیے میڈیکل کیمپس قائم کیے جائیں گے جبکہ ریسکیو 1122 کی ایمبولینسز، تربیت یافتہ ریسکیورز اور ضروری طبی سامان کو ہائی الرٹ رکھا جائے گا، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر کامران رشید نے کہا کہ ریسکیو 1122 مری محرم الحرام کے دوران کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور تمام ایمرجنسی ریسورسز ہمہ وقت دستیاب رہیں گے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر اظہر عباسی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ صحت اور ریسکیو 1122 باہمی تعاون سے عزاداروں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے، انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ محرم الحرام کے دوران عوامی خدمت اور ایمرجنسی رسپانس کے اعلیٰ معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے۔

بقیہ 7

سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف محکموں کے کنٹرول رومز میں ڈیوٹی سرانجام دینے والے ملازمین کی حاضری چیک کی اور مجالس و جلوسوں کی لائیو مانیٹرنگ کا مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر اے ڈی سی ہیڈکوارٹر محمد ارشد وٹو، اے ڈی سی جی رانا محمد ابوبکر اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ مجالس، جلوسوں، سبیلوں اور نیاز کے مقامات پر فول پروف سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے اور کنٹرول روم کے ذریعے تمام سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی جاری رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ حساس مقامات، جلوسوں کے روٹس، داخلی و خارجی راستوں اور ہجوم والے علاقوں پر خصوصی نظر رکھی جائے اور کسی بھی غیر معمولی صورتحال کی صورت میں فوری اور مؤثر ردعمل دیا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ عزاداروں کو ہر ممکن سہولت کی فراہمی کے لیے میڈیکل کیمپس قائم کیے جائیں گے جبکہ ریسکیو 1122 کی ایمبولینسز، تربیت یافتہ ریسکیورز اور ضروری طبی سامان کو ہائی الرٹ رکھا جائے گا، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر کامران رشید نے کہا کہ ریسکیو 1122 مری محرم الحرام کے دوران کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور تمام ایمرجنسی ریسورسز ہمہ وقت دستیاب رہیں گے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر اظہر عباسی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ صحت اور ریسکیو 1122 باہمی تعاون سے عزاداروں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے، انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ محرم الحرام کے دوران عوامی خدمت اور ایمرجنسی رسپانس کے اعلیٰ معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے۔

بقیہ 8

تمام افسران اور اہلکاروں کی چھٹیاں بھی منسوخ کر دی گئی ہیں۔ ریسکیو ترجمان کے مطابق محرم الحرام کے دوران نکلنے والے جلوسوں، مجالس اور دیگر مذہبی اجتماعات کے مقامات پر خصوصی ریسکیو پوسٹس قائم کی جائیں گی جبکہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے امدادی ٹیمیں مختلف حساس مقامات پر موجود رہیں گی۔ ایمرجنسی رسپانس کو مؤثر بنانے کے لیے 32 ایمبولینسز، 24 فائر اینڈ ریسکیو ایمرجنسی گاڑیاں اور 100 موٹر بائیک ایمرجنسی سروسز تعینات کر دی گئی ہیں۔ تمام گاڑیوں کو طبی آلات، ادویات، فائر فائٹنگ اور ریسکیو سامان سے مکمل طور پر لیس رکھا جائے گا تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں فوری کارروائی ممکن بنائی جا سکے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر راولپنڈی نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام ونگز اور اسٹیشنز عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مکمل تیاری برقرار رکھیں، جبکہ تعینات وسائل کی مسلسل نگرانی اور فوری رسپانس کے لیے خصوصی کنٹرول مکینزم بھی فعال رکھا گیا ہے۔ ریسکیو 1122 نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ محرم الحرام کے دوران حفاظتی اقدامات پر عمل کریں، کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر ہیلپ لائن 1122 پر رابطہ کریں اور امدادی اہلکاروں سے تعاون کو یقینی بنائیں تاکہ یوم عاشور پُرامن اور محفوظ ماحول میں اختتام پذیر ہو۔

بقیہ 9

ریسکیو اہلکار اور وسائل تعینات رہیں گے۔ ایمرجنسی رسپانس کو یقینی بنانے کے لیے 32 ایمرجنسی ایمبولینسز، 24 فائر اینڈ ریسکیو ایمرجنسی گاڑیاں اور 100 موٹر بائیک ایمرجنسی سروسز تعینات کی جائیں گی۔ تمام گاڑیوں کو ضروری طبی آلات، ادویات، فائر فائٹنگ اور ریسکیو سامان سے مکمل طور پر لیس رکھا جائے گا تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری امدادی کارروائی ممکن ہو سکے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر راولپنڈی نے کہا ہے کہ ریسکیو راولپنڈی کے تمام ونگز، اسٹیشنز اور افسران کو ہدایت جاری کر دی گئی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو بہترین انداز میں سرانجام دیتے ہوئے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ تمام تعینات وسائل کی مسلسل مانیٹرنگ اور فوری رسپانس کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ ایمرجنسی ریسکیو سروس راولپنڈی شہریوں سے اپیل کرتا ہے کہ محرم الحرام کے دوران حفاظتی اقدامات پر عمل کریں، ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر ایمرجنسی ہیلپ لائن 1122 پر رابطہ کریں اور ریسکیو اہلکاروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں تاکہ پرامن اور محفوظ ماحول کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 10

کرنا تھا۔ چکوال کے دورے کے دوران صوبائی وزیر نے ساتویں محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سارہ حیات، ڈی پی او کاشف ذوالفقار اور مختلف مکاتبِ فکر کے علماء کرام بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ صوبائی وزیر نے جلوس کے سیکیورٹی انتظامات، عزاداروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور امن و امان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ضلعی کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا اور سی سی ٹی وی مانیٹرنگ، سرویلنس سسٹم اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے انتظامات کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے صوبائی وزیر کو محرم الحرام کے دوران امن و امان، مذہبی ہم آہنگی اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے کیے گئے انتظامات سے آگاہ کیا جبکہ ڈی پی او نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ تمام مجالس اور جلوسوں کی فول پروف سیکیورٹی کے لیے پولیس فورس مکمل طور پر متحرک اور الرٹ ہے۔ تحصیل پنڈ دادنخان، ضلع جہلم کے دورے کے دوران صوبائی وزیر نے مختلف امام بارگاہوں کا معائنہ کیا اور لائسنس داران و انتظامیہ امام بارگاہوں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن، ڈی پی او محمد شفیق اور دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر کو ضلعی انتظامیہ کی جانب سے محرم الحرام کے حوالے سے کیے گئے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے تحصیل کنٹرول روم کا دورہ بھی کیا اور مانیٹرنگ و سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ پنجاب حکومت محرم الحرام کے پرامن انعقاد کے لیے پرعزم ہے اور عشرہ محرم کے دوران تمام انتظامی و سیکیورٹی ادارے مکمل طور پر الرٹ رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تمام مکاتبِ فکر کے افراد کو اپنے مذہبی عقائد کے مطابق عبادات اور مذہبی رسومات ادا کرنے کی مکمل آزادی حاصل ہے۔ حکومت عزاداروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور اہل تشیع مسلک کے معززین اور لائسنس داران کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے۔ اٹک کے دورے کے دوران صوبائی وزیر نے فتح جنگ میں محرم الحرام انتظامات کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں انہیں بتایا گیا کہ یکم سے دس محرم الحرام تک ضلع اٹک میں 754 مجالس اور 145 جلوس منعقد ہوں گے۔ عزاداران کو صفائی، روشنی، پینے کے پانی اور دیگر میونسپل سہولیات کی فراہمی کے لیے جامع انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ تمام مذہبی اجتماعات اور جلوسوں کی سکیورٹی کے لیے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔ پولیس، سول ڈیفنس، ریسکیو 1122 اور دیگر متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ حساس مقامات پر اضافی نفری تعینات کی گئی ہے جبکہ ضلع اور تحصیل سطح پر قائم کنٹرول رومز کے ذریعے سی سی ٹی وی کیمروں سے مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ محرم الحرام کے دوران مؤثر رابطہ کاری کو یقینی بنایا جائے اور کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عشرہ محرم کے دوران امن و امان کا قیام حکومت کی اولین ترجیح ہے اور بین المسالک ہم آہنگی، بھائی چارے اور رواداری کے فروغ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے ضلعی انتظامیہ، پولیس، علماء کرام، میڈیا نمائندگان اور مقامی عمائدین کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کے تعاون سے راولپنڈی ڈویژن میں امن، بھائی چارے اور مذہبی ہم آہنگی کی فضا برقرار ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں تمام ادارے باہمی تعاون سے محرم الحرام کے پرامن انعقاد کو یقینی بنائیں گے۔

بقیہ 11

اقبال، ضیافت ملک، عرفان ملک، طغرل غفور، شرافت علی اور دیگر نے چک بیلی خان کمپلینٹ آفس میں جا کر شکایت درج کرائی تو وہاں موجود عملہ نے ٹریکٹر لیکر آنے کا تقاضا کیا۔ اس موقع پر اہالیانِ محمودہ کی جانب سے اپنی مدد اپ کے تحت ٹریکٹر کا انتظام کیا گیا جس پر ٹرالی لے جا کر گاؤں کے شرقی ٹرانسفارمر کی بجلی عارضی بحال کر دی گئی۔ عوام علاقہ نے چیف ایگزیکٹو آئیسکو کا دلی شکریہ ادا کرتے ہوئے اپیل کی کہ شرقی محمودہ میں ٹیا سو کے وی ٹرانسفارمر فوری نصب کر کے اور گاؤں کے تمام کھمبوں پر موجود تاروں کا جائزہ لیکر ناقص تاریں تبدیل اور لوز تاریں ٹائٹ کروائی جائیں تاکہ اکثر ہونیوالی سپارکنگ سے بچا جا سکے۔ انہوں نے آئیسکو کمپلینٹ سنٹر 118 کا پرانا نظام بھی بحال کرنے کی اپیل کی جس میں کال اور ایس ایم ایس کے ذریعے کمپلینٹ درج کی جا سکتی تھی۔

بقیہ 12

روٹ کا تفصیلی معائنہ کیا اور سیکیورٹی انتظامات، ایمبولینس، میڈیکل کیمپس، عزاداروں کے لیے نیاز کی تقسیم، سبیلوں پر ٹھنڈے پانی کی فراہمی، صفائی ستھرائی، میونسپل سروسز اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ جلوس کے روٹ پر نصب سی سی ٹی وی کیمروں اور مانیٹرنگ سسٹم کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک اور آر پی او بابر سرفراز الپا نے ہدایت کی کہ مرکزی جلوس، امام بارگاہوں اور دیگر حساس مقامات کی سیکیورٹی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، جبکہ جلوس کے اختتام تک مسلسل اور مؤثر نگرانی برقرار رکھی جائے۔ انہوں نے محرم الحرام کے ضابطہ اخلاق اور تمام ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ امن و امان کے قیام، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مکمل تیاری کے ساتھ فرائض انجام دیں۔ بعد ازاں کمشنر راولپنڈی ڈویژن اور آر پی او راولپنڈی نے اسسٹنٹ کمشنر تلہ گنگ سلیمان منشاء کے دفتر میں قائم مرکزی کنٹرول روم کا دورہ کیا جہاں ڈپٹی کمشنر سارہ حیات اور ڈی پی او کاشف ذوالفقار نے محرم الحرام کے سیکیورٹی پلان، فیلڈ مانیٹرنگ اور انتظامی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے کنٹرول روم میں نصب جدید مانیٹرنگ سسٹم اور کیمروں کے ذریعے جلوس کی نگرانی کے عمل کا جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر تعینات عملے سے مختلف امور پر معلومات حاصل کیں۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن اور آر پی او راولپنڈی نے ضلعی انتظامیہ، پولیس، ریسکیو اور دیگر متعلقہ اداروں کی جانب سے کیے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ عزاداروں کو ہر ممکن سہولت کی فراہمی اور پرامن ماحول کے قیام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 13

دن 01:00 بجے سے اختتام جلوس تک ٹریفک کے لیے بند رہے گی۔ اسی طرح سیکیورٹی اور ٹریفک مینجمنٹ کے پیشِ نظر بوقتِ ضرورت نیو مری روڈ اور کوٹلی ستیاں روڈ پر موہڑہ سیداں، بھمر وٹ سیداں، بن بازار تا سنگسیری بازار کے مقامات پر ٹریفک ڈائیورشنز نافذ کی جائیں گی۔ 10 محرم الحرام کے روز لالہ زار ٹرن، سول ہسپتال مری، لوئر مال، مرجا چوک اور امتیاز شہید روڈ پر دن 01:00 بجے سے اختتام جلوس تک کسی قسم کی گاڑی کو داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ عوام الناس کی سہولت کے لیے بانسرہ گلی، گھوڑا گلی، تربیت بازار، سالگراں اور سترہ میل ٹول پلازہ پر ٹریفک وارڈنز اور افسران کی ڈیوٹیاں تعینات کر دی گئی ہیں تاکہ ٹریفک کو متبادل راستوں پر مؤثر انداز میں رواں رکھا جا سکے۔ سٹی ٹریفک پولیس مری شہریوں سے اپیل کرتی ہے کہ وہ مذکورہ اوقات کے دوران مری سے راولپنڈی اور اسلام آباد آمد و رفت کے لیے مری ایکسپریس وے کو ترجیحی بنیادوں پر استعمال کریں اور ڈیوٹی پر موجود ٹریفک وارڈنز و افسران کی ہدایات پر مکمل عمل کریں تاکہ کسی بھی قسم کی دشواری اور ناخوشگوار صورتحال سے بچا جا سکے۔ چیف ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی نے کہا ہے کہ ٹریفک قوانین کی پابندی کرتے ہوئے ایک ذمہ دار اور مہذب شہری ہونے کا ثبوت دیں اور محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔ کسی بھی قسم کی ٹریفک معلومات، شکایت یا ہنگامی صورتحال کی صورت میں شہری ٹریفک ہیلپ لائن 1915 یا 051-9269200 پر فوری رابطہ کر سکتے ہیں۔

بقیہ 14

کو تینوں مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی کی صورتحال، دفاعی تعاون اور دونوں ممالک کی افواج کے درمیان عسکری روابط کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں جانب سے دوطرفہ دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور پیشہ ورانہ عسکری تربیت و سلامتی کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ پاکستان اور لیبیا نے دفاعی تعلقات مزید مضبوط بنانے اور فوجی تربیت میں تعاون پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر لیبیا کی عرب مسلح افواج کے نائب کمانڈر انچیف لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے خطے میں امن و سلامتی کے قیام کے لیے ان کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔

بقیہ 15

فضل الرحمٰن کی ایوان میں تقریر کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہ مولانا فضل الرحمٰن سے ان کے دیرینہ تعلقات ہیں، ان کے اور مولانا کے درمیان تخلیہ میں جو باتیں ہوئی ہیں وہ قیامت تک راز رہیں گی اور میرے ساتھ قبر میں جائیں گی۔ مولانا فضل الرحمٰن نے جواب دیا کہ میں وزیر اعظم کو اجازت دیتا ہوں کہ وہ بات ایوان میں بتا دیں۔ جس پر وزیر اعظم نے کہا کہ میں مولانا کی آفر قبول نہیں کروں گا، کیونکہ پھر معاملات اتنے دور چلے جائیں گے کہ واپس نہیں آئیں گے۔

بقیہ 16

اپوزیشن اراکین سے مصافحہ کیا۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمٰن سے کچھ دیر گفتگو بھی کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے بھی وزیر اعظم سے ان کی نشست پر جا کر مصافحہ کیا۔ بعد ازاں انہوں نے ایوان میں مولانا فضل الرحمٰن کی جانب سے اٹھائے گئے بعض نکات کے جواب میں کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن سے ان کے بہترین تعلقات ہیں اور ان سے احترام کا رشتہ ہے۔ ان کی تقریر میں نے سنی ہے۔ میری اکثر مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات رہتی ہے۔ ان کے اور میرے درمیان تخلیہ میں جو باتیں ہوئی ہیں وہ قیامت تک راز ہیں اور قبر میں میرے ساتھ جائیں گی۔ بعد ازاں مولانا فضل الرحمٰن نے مسکراتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم نے جس محبت کا اظہار کیا ہے میں اس کا خیر مقدم کرتا ہوں، اگر وہ تنہائی میں ہونے والی باتوں کو پبلک کر دیں تو وہ ناراض نہیں ہوں گے جس پر وزیر اعظم نے کہا کہ وہ مولانا فضل الرحمٰن کی پیشکش کو ان کی فراخ دلی کی بنیاد پر قبول نہیں کریں گے کیونکہ اس سے معاملات دور تک چلے جائیں گے۔

بقیہ 17

درجہ چہارم کے ملازمین کو سکول اوقات کار کے دوران اپنی حاضری یقینی بنانے کا حکم دیا گیا ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری طور پر نمٹا جا سکے۔ جاری ہدایات کے تحت سکول سربراہان کو چھتوں، نکاسی آب کے نظام اور سکول عمارتوں کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ خستہ حال عمارتوں کا معائنہ اور طلبہ و اساتذہ کی حفاظت کے لیے ضروری انتظامات کرنا بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔ محکمہ تعلیم نے واضح کیا ہے کہ مون سون کے دوران حفاظتی اقدامات پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے اور کسی بھی غفلت یا کوتاہی کی صورت میں متعلقہ افسران اور سکول سربراہان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حکام کا کہنا ہے کہ ان اقدامات کا مقصد مون سون بارشوں کے دوران طلبہ، اساتذہ اور سکول املاک کو ممکنہ نقصانات سے محفوظ رکھنا اور تعلیمی سرگرمیوں کے تسلسل کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 18

کے لیے نئی بھرتیاں کی جائیں گی۔ یہ بھرتیاں ضلعی پولیس، ٹریفک پولیس، پنجاب ہائی وے پٹرول سمیت دیگر یونٹس کے لیے کی جائیں گی۔ حکام کا کہنا ہے کہ کانسٹیبلز کی خالی سیٹوں پر بھرتیوں کے لیے سمری حکومت پنجاب کو ارسال کر دی گئی ہے۔ حکومت کی منظوری ملنے کے بعد بھرتی کے عمل کا باقاعدہ آغاز کیا جائے گا۔ پولیس ذرائع کے مطابق آخری مرتبہ کانسٹیبلز کی بڑی تعداد میں بھرتیاں سابق آئی جی پنجاب، ڈاکٹر عثمان انور کے دور میں کی گئی تھیں، جس کے تحت 10 ہزار سے زائد خالی آسامیوں پر تقرریاں عمل میں لائی گئی تھیں۔ حکام کا مزید کہنا ہے کہ نئی بھرتیوں کا مقصد پولیس فورس کی افرادی قوت میں اضافہ کرنا اور عوام کو بہتر سیکیورٹی و پولینگ کی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ امیدواروں کو بھرتی کے شیڈول، اہلیت اور درخواست جمع کرانے کے طریقہ کار سے متعلق تفصیلات حکومت کی منظوری کے بعد جاری کی جائیں گی۔

بقیہ 19

کہ پاکستانی خواتین نے سفارت کاری کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں اور عالمی سطح پر ملک کا مثبت تشخص اجاگر کرنے میں

یومِ عاشور کیلئے جامع ایمرجنسی پلان نافذ

محرم الحرام کے دوران جلوسوں، مجالس اور دیگر مذہبی اجتماعات پر ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ریسکیو پوسٹس قائم کی جائیں گی

ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر ایمرجنسی ہیلپ لائن 1122 پر رابطہ کریں اور ریسکیو اہلکاروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں

راولپنڈی (این ای این) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر راولپنڈی کی ہدایات پر ریسکیو 1122 راولپنڈی نے یوم عاشور 10) محرم الحرام) کے موقع پر شہریوں کو بروقت اور مؤثر ایمرجنسی سہولیات فراہم کرنے کے لیے خصوصی ایمرجنسی کور پلان مرتب کر لیا گیا۔ اس سلسلے میں یوم عاشور پر کوڈ ریڈ نافذ کر دیا گیا ہے اور تمام ریسکیو افسران و اہلکاروں کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ محرم الحرام کے دوران جلوسوں، مجالس اور دیگر مذہبی اجتماعات پر ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ریسکیو پوسٹس قائم کی جائیں گی جبکہ مختلف مقامات پر (بقیہ نمبر 9)

کیش وین لوٹنے والے گروہ کا سرغنہ گرفتار، 20 کروڑ برآمد

ملزم محمد علی عرف علی لنگڑا نے واردات کی منصوبہ بندی کی، کیش وین کا چیف کریو بھی ملوث نکلا

کراچی (این این آئی) کراچی میں کیش وین لوٹنے میں ملوث ملزم پکڑا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق بین الصوبائی ڈکیت گروہ کا سرغنہ محمد علی عرف علی لنگڑا گرفتار کر لیا گیا، ڈکیتی میں لوٹی گئی رقم میں سے 20 کروڑ روپے برآمد کر لئے گئے، واردات میں استعمال ہونے والی کار بھی برآمد کر لی گئی۔ کیش وین کا چیف کریو واجد واردات میں ملوث پایا گیا، (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم شہباز شریف قومی اسمبلی اجلاس کے دوران مولانا فضل الرحمٰن سے مصافحہ کر رہے ہیں

پشاور سیف سٹی منصوبے کو دیگر اضلاع تک توسیع دینے کا فیصلہ

مختلف اضلاع کیلئے 5 ارب 80 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں، بجٹ دستاویز

پشاور (این این آئی) سیف سٹی منصوبے کو پشاور کے بعد ضم اضلاع سمیت دیگر اضلاع تک توسیع دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ بجٹ دستاویز کے مطابق آئندہ مالی سال کے بجٹ میں مختلف اضلاع کیلئے 5 ارب 80 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں جبکہ پشاور میں (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، ایچ نائن اتوار بازار میں لگی آگ بجھا دی گئی

ایچ نائن اتوار بازار کے 9 سیکشنز میں آگ لگی، 6 پر قابو پا لیا گیا 80 سے زائد اسٹالز جل گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے ایچ نائن اتوار بازار میں لگی آگ بجھا دی گئی، آگ سے 80 سے زائد اسٹالز جل گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق آگ کے باعث ایچ نائن اتوار بازار کے 9 سیکشنز میں آگ لگی، 6 پر قابو پا لیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق آگ پر قابو پانے کیلئے راولپنڈی سے ریسکیو کی اضافی گاڑیاں طلب کرلیں۔ حکام کے (بقیہ نمبر 7)



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف قومی اسمبلی سے خطاب کر رہے ہیں

محرم الحرام کے پُرامن انعقاد کو یقینی بنائینگے

صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کا راولپنڈی ڈویژن کے اضلاع کا دورہ، محرم الحرام انتظامات کا جائزہ

جلوس کے سکیورٹی انتظامات، عزاداروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور امن و امان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا

راولپنڈی (این ای این) صوبائی وزیر برائے تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے محرم الحرام کے دوران امن و امان، سکیورٹی اور عزاداروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لینے کے لیے راولپنڈی ڈویژن کے اضلاع چکوال، جہلم اور اٹک کے دورے کیے۔ دوروں کا مقصد مجالس اور جلوسوں کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے انتظامی اور سکیورٹی اقدامات کا معائنہ (بقیہ نمبر 10)

کراچی میں باقاعدہ عوامی سہولت مراکز قائم کرنے کا فیصلہ

چیئرمین ایف بی آر ہر ماہ صحافیوں کے ہمراہ کراچی کا دورہ کریں، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی خصوصی ہدایت پر کراچی میں باقاعدہ عوامی سہولت مراکز قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے چیئرمین اب ہر ماہ کے دوسرے ہفتے میں صحافیوں کے ہمراہ کراچی کا دورہ کریں گے تاکہ ٹیکس کے حوالے سے شکایات موقع پر حل کر سکیں۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ کی منظوری کا عمل مکمل ہونے کے بعد انہوں نے بجٹ کی (بقیہ نمبر 9)

ڈکیتی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث 6 ملزمان گرفتار

چار گینگز سے موٹر سائیکلیں، موبائل فون، نقدی اور اسلحہ برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری اور دیگر جرائم میں ملوث چار گینگز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے چھ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے ایک گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر کے تین مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کیں۔ پیرودھائی پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے لیپ ٹاپ، موبائل فون، چھینی گئی 35 ہزار روپے رقم اور اسلحہ برآمد کیا۔ مندرہ پولیس نے ایک اور گینگ کے سرغنہ کو گرفتار (بقیہ نمبر 40)

سات محرم کا مرکزی جلوس پرامن طور پر اختتام پذیر

راولپنڈی پولیس کے 3500 سے زائد اہلکار جلوس کی سکیورٹی پر مامور رہے

راولپنڈی (این این آئی) سات محرم الحرام کا مرکزی جلوس روایتی راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ قدیمی پر اختتام پذیر ہو گیا جبکہ راولپنڈی پولیس کی جانب سے سخت سکیورٹی انتظامات کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق آر پی او بابر سرفراز الپا، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور دیگر سینئر افسران جلوس کے (بقیہ نمبر 43)

سی ٹی ڈی اور پولیس کی مشترکہ کارروائی، 6 دہشت گرد ہلاک

ہلاک دہشتگردوں میں خلیل الرحمان، نعیم الدین کفایت اللہ شامل، دہشت گردوں کے قبضے سے 6 کلاشنکوف، 3 دستی بم برآمد

وفاقی وزیر داخلہ کی لوئر دیر کے علاقے میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سی ٹی ڈی خیبر پختونخوا اور پولیس کی ستائش

لوئر دیر (این این آئی) لوئر دیر کے علاقے برچڑی تالاش میں پولیس اور خوارج کے مابین جھڑپ کے دوران 6 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ پولیس کے مطابق برچڑی پہاڑی میں دہشت گردوں کے خلاف ڈسٹرکٹ پولیس، ایلیٹ فورس اور سی ٹی ڈی نے آپریشن کیا۔ حکام کے مطابق دہشت گرد پولیس چیک پوسٹ پر حملے اور پولیس اہلکار کو قتل کرنے سمیت دیگر کئی وارداتوں میں ملوث تھے، ہلاک دہشت گردوں میں خلیل الرحمان، نعیم الدین کفایت اللہ شامل ہیں۔ سی ٹی ڈی کے مطابق دہشت گردوں کے قبضے سے 6 کلاشنکوف، 3 دستی (بقیہ نمبر 44)

15 اشتہاریوں سمیت 23 ملزمان گرفتار، منشیات اور اسلحہ برآمد

سلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے جاری کریک ڈاؤن کے دوران 15 اشتہاری مجرمان سمیت 23 ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ ان کے قبضے سے منشیات، شراب اور اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق **انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر تھانہ آبپارہ، مارگلہ، سہل، نون، بھارہ کہو، پھلگراں اور شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیموں نے کارروائیاں (بقیہ نمبر 45)

ایس پی صدر انعم شیر کا گوجر خان اور جاتلی کے علاقہ میں آٹھ محرم الحرام کے جلوس اور مجلس کے دوران سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہی ہیں

لاہور: چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف پاکستان نیوی وار کالج لاہور میں 55 ویں پاکستان نیوی اسٹاف کورس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

5 مسروقہ موٹر سائیکل، چھینی گئی رقم 19 ہزار روپے، موبائل فون اسلحہ و دیگر سامان برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ٹجنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار کر کے 5 مسروقہ موٹر سائیکل، چھینی گئی رقم 19 ہزار روپے، موبائل فون اسلحہ و دیگر سامان برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹجنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں (بقیہ نمبر 46)

موٹر سائیکل چوری میں ملوث 4 گینگز کے 6 ارکان گرفتار

3 مسروقہ موٹر سائیکل، 5 موبائل فون، مسروقہ رقم 78 ہزار روپے و دیگر سامان برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث 4 گینگز کے 6 ارکان گرفتار کر کے 3 مسروقہ موٹر سائیکل، 5 موبائل فون، مسروقہ رقم 78 ہزار روپے، لیپ ٹاپ و دیگر سامان اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کیے، پیرودھائی پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے لیپ ٹاپ، موبائل (بقیہ نمبر 47)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نوجوان کو پرواز کارڈ دے رہی ہیں

خیبر پختونخوا اسمبلی، مالی سال 2026-27 کا بجٹ منظور

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی نے آئندہ مالی سال 2026-27 کا بجٹ منظور کر لیا۔ خیبر پختونخوا کے وزیر قانون و خزانہ آفتاب عالم اور متعلقہ وزرا نے 66 مطالبات زر کے لیے الگ الگ تحاریک پیش کیے، صوبائی وزیر قانون و خزانہ نے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ترمیم کے لیے بھی تحریک پیش کی۔ صوبائی اسمبلی نے سالانہ ترقیاتی (بقیہ نمبر 34)

اسحاق ڈار کی زیر صدارت حضرت بری امام سرکار کے مزار کی ترقی و انتظامی امور سے متعلق کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے حضرت بری امام سرکار کے مزار کی ترقی و انتظامی امور سے متعلق کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔ بدھ کو نائب وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق کمیٹی نے 14 اگست 2026 کو منعقد ہونے والی چادر پوشی کی تقریب اور 15 تا 17 اگست 2026 منعقد ہونے (بقیہ نمبر 35)

عراق نے پاکستانی زائرین کیلئے نئی ویزا شرائط جاری کر دیں

دمشق (این این آئی) عراق نے پاکستانی زائرین کے لیے نئی ویزا شرائط جاری کر دی ہیں۔ عراقی حکام نے زائرین اور زیارت گروپ آرگنائزرز کو عراقی ویزا قوانین پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ نئی ہدایات کے مطابق فیملی ویزا پر اکیلے سفر کرنے والے افراد کو عراق میں داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی جبکہ 50 سال سے کم عمر اکیلے مرد زائرین (بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف قومی اسمبلی سے خطاب کر رہے ہیں

محمودہ چک بیلی خان میں طوفان کے بعد بجلی کا طویل بریک ڈاؤن

چیف ایگزیکٹو آئیسکو کے فوری نوٹس لینے پر بجلی 18 گھنٹوں بعد بحال

کھمبوں کی ناقص تاریں تبدیل، لوز تاریں ٹائٹ کی جائیں تاکہ سپارکنگ نہ ہو، شہری

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ/عبدالرحمان) اتوار کی شام ایس ای کینٹ کے ذیلی علاقہ محمودہ چک بیلی خان میں طوفان کے بعد بجلی کا طویل بریک ڈاؤن ہوا۔ طوفان کے باعث گاؤں کی کمزور اور ڈھیلی تاریں جو اکثر تیز ہوا چلنے سے آپس میں ٹکراتی ہیں میں سے ایک تار بھی ٹوٹ گئی۔ مقامی ایل ایس کی قیادت میں آئیسکو ٹیم نے فوری پہنچ کر رات کو ہی تار جوڑ دی تاہم خراب ٹرانسفارمر کی وجہ سے مکینوں نے طویل وقت اذیت ناک صورتحال میں گزارا۔ ایک سینئر صحافی نے چیف ایگزیکٹو آئیسکو سے معاملہ کا نوٹس لینے کی درخواست کی جس پر فوری ٹیمیں متحرک ہو گئیں۔ ایس ڈی او چک بیلی خان عرفان نے اطلاع ملنے پر ایل ایس عمران کو فوری اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ اس دوران مقامی سماجی افراد اعجاز ملک، چوہدری نوید (بقیہ نمبر 11)

کلرسیداں پولیس نے بیوہ خاتون کی زمین پر قبضے کی کوشش ناکام بنادی

دھمکیاں دینے والا ملزم گرفتار، دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے کارروائی جاری

راولپنڈی (این این آئی) کلرسیداں پولیس نے بیوہ خاتون کی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق خاتون نے پولیس کو درخواست دی کہ ملزم اپنے ساتھیوں کے ہمراہ اس کی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور اسے سنگین نتائج کی دھمکیاں بھی دے رہا ہے۔ درخواست موصول ہونے پر کلرسیداں پولیس نے مقدمہ درج کر کے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا جبکہ دیگر (بقیہ نمبر 48)

لاہور: صوبائی وزیر و وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک کھلی کچہری میں اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل سن رہے ہیں

اغوا برائے تاوان کیس میں پانچ مجرمان کو عمر قید کی سزا

عدالت نے 50 لاکھ روپے ہرجانہ اور جائیداد ضبط کرنے کا حکم بھی دے دیا

راولپنڈی (این این آئی) معزز عدالت نے اغوا برائے تاوان کے مقدمے میں پانچ مجرمان کو عمر قید، مجموعی طور پر 50 لاکھ روپے ہرجانہ اور جائیداد ضبط کرنے کی سزا سنا دی۔ تفصیلات کے مطابق مجرمان نے مئی 2024 میں تھانہ آر اے بازار کے علاقے سے ایک شہری کو تاوان کی غرض سے اغوا کیا تھا۔ عدالت نے مجرم سعید، شہزاد، سرفراز، فاروق (بقیہ نمبر 49)

آر پی او بابر سرفراز الپا، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹیگیشن، چیف ٹریفک آفیسر اور سینئر افسران 7 محرم الحرام کے جلوس کے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

مندرہ پولیس نے بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا

ملزم نے آٹھ سالہ بچے کو لالچ دے کر ورغلانے کی کوشش کی، مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ مندرہ پولیس نے آٹھ سالہ بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مدعی مقدمہ نے پولیس کو بتایا کہ ملزم نے اس کے بھتیجے کو کھانے کی چیز کا لالچ دے کر زیادتی کی کوشش کی۔ اطلاع ملنے پر مندرہ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کیا اور ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ خواتین اور بچوں کے خلاف ہر اسگی یا زیادتی جیسے جرائم کسی صورت برداشت نہیں (بقیہ نمبر 50)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، ناجائز اسلحہ رکھنے والے آٹھ افراد گرفتار

بلا لائسنس اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کا اعلان

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں کے دوران آٹھ افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے تھانہ وارث خان، صادق آباد، چکلالہ، صدر بیرونی، دھمیال اور چونترہ کے علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے آٹھ افراد کو حراست میں لیا۔ گرفتار افراد کے قبضے سے مختلف اقسام کا اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ پولیس نے ملزمان کے (بقیہ نمبر 51)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

کمشنر راولپنڈی اور آر پی او کا تلہ گنگ کا دورہ

امن و امان کے قیام، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ مکمل تیاری کے ساتھ فرائض انجام دیں

مرکزی جلوس، امام بارگاہوں اور دیگر حساس مقامات کی سکیورٹی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، کمشنر انجینئر عامر خٹک اور آر پی او بابر سرفراز الپا

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک اور ریجنل پولیس آفیسر (آر پی او) راولپنڈی بابر سرفراز الپا نے آٹھویں محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے موقع پر تلہ گنگ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سارہ حیات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کاشف ذوالفقار بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن اور آر پی او نے تلہ گنگ شہر میں آٹھویں محرم کے مرکزی جلوس کے (بقیہ نمبر 12)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سیکٹر G-9 میں آٹھویں محرم الحرام کے جلوس کے سیکیورٹی انتظامات کا از خود جائزہ لیا

محمود اچکزئی تحریک انصاف والوں کے درمیان بیٹھے عجیب و غریب لگتے ہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ محمود اچکزئی کا احترام ہے، مگر وہ تحریک انصاف والوں کے درمیان بیٹھے عجیب و غریب لگتے ہیں۔ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ اپوزیشن ماضی کی غلطیاں بھلا کر میثاق جمہوریت پر دستخط کرے، ماضی میں ہم سے بھی غلطیاں ہوئی ہوں گی۔ خواجہ آصف نے (بقیہ نمبر 52)

قتل کیس میں عمر قید کی سزا پانیوالے ملزم کی اپیل منظور، فوری رہائی کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے قتل کیس میں عمر قید کی سزا پانے والے ملزم کی اپیل منظور کرتے ہوئے سیشن کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا، عدالت نے ملزم بلال احمد کو بری کرتے ہوئے فوری رہائی کا حکم دیدیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے ملزم بلال احمد کی اپیل پر تفصیلی فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے قتل کیس میں سزا بڑھانے کے لئے مدعی مقدمہ کی جانب سے دائر نظر ثانی درخواست بھی مسترد کر دی اور (بقیہ نمبر 53)

حادثے میں سابق ایس پی اور انکی اہلیہ کے بعد زخمی بچی بھی دم توڑ گئی

تینوں متوفین کو سرگودھا شہر کے قریب حیدر آباد ٹاؤن میں سپرد خاک کر دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں تیز رفتار ویگو ڈالا کی ٹکر سے کار حادثہ میں جاں بحق اسلام آباد پولیس کے سابق ایس پی اور ان کی اہلیہ کے بعد شدید زخمی بیٹی بھی دم توڑ گئی ان تینوں متوفین کو سرگودھا شہر کے قریب حیدر آباد ٹاؤن میں نماز جنازہ ادا کر کے سپرد خاک کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد پولیس کے سابق ایس پی سید امتیاز علی شاہ اپنی فیملی (بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ میں پہلی بار رن وے پر مسافروں کا دھرنا

نجی پرواز کئی گھنٹوں کی تاخیر کے بعد روانہ ہوئی مگر فنی خرابی کے باعث واپس لینڈ کر گئی

اسلام آباد (این این آئی) نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی تاریخ میں پہلی بار سعودی عرب جانے والی نجی ایئرلائن کی پرواز کے مسافروں نے طویل تاخیر اور طیارے میں فنی خرابی کے باعث رن وے کے قریب دھرنا دے کر شدید احتجاج کیا۔ ذرائع کے مطابق مدینہ منورہ جانے والی نجی ایئرلائن کی پرواز نمبر PA-2766 دوپہر ایک بجے روانہ ہونا تھی تاہم مسافروں کو بورڈنگ کے بعد طیارے میں فنی خرابی کے باعث بار بار تاخیر کا (بقیہ نمبر 55)

10 محرم الحرام کے موقع پر سٹی ٹریفک پولیس مری کا ٹریفک پلان جاری

راولپنڈی۔مری۔کشمیر روڈ (RMK Road) دن 01:00 بجے سے اختتام جلوس تک ٹریفک کے لیے بند رہے گی

ہنگامی صورتحال کی صورت میں شہری ٹریفک ہیلپ لائن 1915 یا 051-9269200 پر فوری رابطہ کر سکتے ہیں

راولپنڈی (این ای این) چیف ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی کے احکامات پر ڈی ایس پی ٹریفک مری غازی سہیل شہزاد نے 10 محرم الحرام کے موقع پر ضلع مری میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے، شہریوں کی سہولت اور سکیورٹی انتظامات کو مؤثر بنانے کے لیے خصوصی ٹریفک پلان جاری کر دیا ہے۔ ٹریفک پلان کے مطابق 10 محرم الحرام، مورخہ 26 جون 2026 بروز جمعہ تریٹ کے مقام پر برآمد ہونے والے جلوس کے باعث راولپنڈی۔مری۔کشمیر روڈ (RMK Road) (بقیہ نمبر 13)

ٹجنڈی پولیس کی کارروائی، ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

ڈکیتی و موٹر سائیکل چوری میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار

گنج منڈی پولیس نے پانچ مسروقہ موٹر سائیکلیں، نقدی، موبائل فون اور اسلحہ برآمد کر لیا

راولپنڈی (این این آئی) ٹجنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری اور دیگر وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکلیں، نقدی، موبائل فون، اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹجنڈی پولیس نے کارروائی (بقیہ نمبر 56)

22 سالہ لڑکی غیرت کے نام پر قتل، بھائی، باپ اور گھر کے دیگر افراد فرار

ملتان (این این آئی) ملتان کی تحصیل شجاع آباد میں 22 سال کی لڑکی کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ واقعے کے بعد لڑکی کے بھائی، باپ اور گھر کے دیگر افراد فرار ہو گئے۔ سی پی او کے مطابق مبینہ طور پر غیرت کے نام پر قتل سمیت مختلف پہلوؤں سے تفتیش کی جا رہی ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے بھی مارے جا رہے ہیں۔

گاڑی سے لاش اور پولیس کی وردی ملنے کا کیس حل ہو گیا

عادل نے خودکشی کی، متوفی خاندانی تنازعات اور ذہنی دباؤ کا شکار تھا

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے ڈیفنس سے 2 روز قبل گاڑی سے لاش ملنے کا کیس حل ہو گیا۔ پولیس کے مطابق عادل نامی شخص کو قتل نہیں کیا گیا بلکہ اس نے خودکشی کی، متوفی خاندانی تنازعات اور ذہنی دباؤ کا شکار تھا۔ پولیس کے مطابق گاڑی سے ملنے والی وردی سب انسپکٹر طاہر کی ہے، متوفی اور سب انسپکٹر طاہر آپس میں دوست تھے۔ واضح رہے کہ پولیس کو سڑک کے کنارے کھڑی گاڑی سے لاش ملی تھی جس کے بعد تحقیقات کا آغاز کیا گیا تھا۔

ڈاکوؤں نے اینگرو فوڈ ملازم، زمیندار، چچا بھتیجا کو زخمی کر دیا

ساہیوال (این این آئی) ڈاکو اسلحہ کے زور پر 5 لاکھ 74 ہزار روپے نقدی، دو موٹر سائیکل دو موبائل چھین کر لے گئے، چچا بھتیجا زخمی ہو گئے۔ ڈاکو گن پوائنٹ پر ساہیوال پاکپتن روڈ پر چک 111 نو ایل کے قریب اینگرو فوڈ ملازم محمد اعظم سے موٹر سائیکل نمبر 9652 بی جی ایکس نقدی، موبائل دو لاکھ 54 ہزار روپے۔ ڈاکوؤں نے اسی جگہ دوسرے راہگیر چک 73 پانچ ایل کے شہروز سے موٹر سائیکل نمبر 1275 ایس ایل کے نقدی، موبائل مالیت دو لاکھ 75 ہزار روپے چھین کر لے گئے۔ چک 21 چودہ ایل میں غلام مرتضیٰ زمیندار کے بھتیجے عبدالرحمٰن سے موبائل مالیت 45 ہزار روپے (بقیہ نمبر 57)

صوبائی وزیر و وائس چیئرپرسن او پی کی پنجاب بیرسٹر امجد ملک، ایم اسلم گروپ آف کمپنیز کے چیف ایگزیکٹو شہزاد اسلم کی جانب سے اوورسیز پاکستانیوں کے اعزاز میں منعقدہ عشائیے میں شرکت کر رہے ہیں

عزت احترام کے رشتے قائم رہنے چاہئیں سپیکر

عہدے تاحیات نہیں رہتے

قائد حزب اختلاف نے مجھ پر آئین کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا ہے، مجھے بتایا جائے کہ میں نے کس طرح آئین کی خلاف ورزی کی ہے

عہدہ یا ایم این اے شپ تاحیات نہیں ہوتی۔ عزت کے رشتے رہنے چاہئیں کیونکہ ہماری ذاتی لڑائی نہیں، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ عہدے تاحیات نہیں رہتے مگر عزت اور احترام کے رشتے قائم رہنے چاہئیں، قائد حزب اختلاف نے مجھ پر آئین کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا ہے، مجھے بتایا جائے کہ میں نے کس طرح آئین کی خلاف ورزی کی ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں قائد حزب اختلاف کی تقریر کے بعد سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ وہ خود درویش صفت انسان ہیں، میں نے 1998 میں پاکستان تحریک انصاف سے استعفیٰ دیا تھا اور ایک (بقیہ نمبر 58)

نیدرلینڈز میں پاکستان رائس فیسٹیول کا کامیاب انعقاد

فیسٹیول میں پاکستانی باسمتی چاول کو بھرپور پذیرائی ملی، وزیر تجارت

اسلام آباد (این این آئی) نیدرلینڈز میں پاکستان رائس فیسٹیول کا کامیاب انعقاد کیا گیا جس میں یورپ بھر سے 100 سے زائد کاروباری اور غذائی شعبے کے نمائندگان نے شرکت کی۔ فیسٹیول میں پاکستانی باسمتی چاول کو بھرپور پذیرائی ملی جبکہ یورپی درآمد کنندگان، ریٹیلرز اور معروف شیفس نے پاکستانی چاول کے معیار کو سراہا۔ وزیر تجارت جام کمال خان نے فیسٹیول کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے بین الاقوامی تجارتی ایونٹس پاکستانی برآمدات کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یورپی منڈیوں میں پاکستانی باسمتی چاول کی بڑھتی ہوئی طلب ایک بڑی کامیابی ہے اور (بقیہ نمبر 59)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035